روزنامہ

FD-10 (ٹیلی فون نمبر 047-6213029)

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

منگل 17/اگست 2010ء 6رمضان 1431ہجری 17ظہور 1389ہش جلد 60-95 نمبر 172

## رمضان کے معنے

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ رمضان کا نام رمضان اس لئے رکھا گیا ہے کہ یہ گناہوں کو جلا کر خاکستر کر دیتا ہے۔

(الفردوس بماثور الخطاب جلد2صفحہ 60حدیث نمبر:2339)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

رمض سورج کی تپش کو کہتے ہیں۔ رمضان میں چونکہ انسان اَکل وشُرب اور تمام جسمانی لذتوں پر صبر کرتا ہے۔ دوسرے اللہ تعالیٰ کے احکام کے لئے ایک حرارت اور جوش پیدا کرتا ہے۔ روحانی اور جسمانی حرارت اور تپش مل کر رمضان ہوا۔ اہل لغت جو کہتے ہیں کہ گرمی کے مہینہ میں آیا اس لئے رمضان کہلایا۔ میرے نزدیک یہ صحیح نہیں ہے۔ کیونکہ عرب کے لئے یہ خصوصیت نہیں ہوسکتی۔ روحانی رمض سے مراد روحانی ذوق وشوق اور حرارت دینی ہوتی ہے۔ رمض اس حرارت کو بھی کہتے ہیں جس سے پتھر گرم ہو جاتے ہیں۔

(ملفوظات جلد اول ص136)

پھر تیسری بات جو(-) کا رُکن ہے وہ روزہ ہے۔ روزہ کی حقیقت سے بھی لوگ ناواقف ہیں۔ اصل یہ ہے کہ جس ملک میں انسان جاتا نہیں اور جس عالم سے واقف نہیں اس کے حالات کیا بیان کرے۔ روزہ اتنا ہی نہیں کہ اس میں انسان بھوکا پیاسا رہتا ہے بلکہ اس کی ایک حقیقت اور اس کا اثر ہے جو تجربہ سے معلوم ہوتا ہے۔ انسانی فطرت میں ہے کہ جس قدر کم کھاتا ہے اسی قدر تزکیہ نفس ہوتا ہے اور کشفی قوتیں بڑھتی ہیں۔ خدا تعالیٰ کا منشا اس سے یہ ہے کہ ایک غذا کو کم کرو اور دوسری کو بڑھاؤ۔ ہمیشہ روزہ دار کو یہ مدنظر رکھنا چاہئے کہ اس سے اتنا ہی مطلب نہیں ہے کہ بھوکا رہے بلکہ اسے چاہئے کہ خدا تعالیٰ کے ذکر میں مصروف رہے تاکہ تبتل اور انقطاع حاصل ہو۔ پس روزے سے یہی مطلب ہے کہ انسان ایک روٹی کو چھوڑ کر جو صرف جسم کی پرورش کرتی ہے دوسری روٹی کو حاصل کرے جو روح کی تسلی اور سیری کا باعث ہے اور جو لوگ محض خدا کے لئے روزے رکھتے ہیں اور نرے رسم کے طور پر نہیں رکھتے انہیں چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی حمد اور تسبیح اور تہلیل میں لگے رہیں جس سے دوسری غذا انہیں مل جاوے۔

(ملفوظات جلد پنجم ص102)

## کفالت یکصد یتامیٰ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے ایمان افروز خطبہ جمعہ فرمودہ 26 فروری 2010ء میں کفالت یکصد یتامیٰ کے موضوع پر بڑی تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ جس میں احمدی یتیم بچے اور بچیوں کی تربیت اور نگہداشت و مالی معاونت کی خاطر تمام احباب جماعت کو عموماً و مخیّر حضرات کو خصوصاً یتامیٰ فنڈ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی تحریک فرمائی ہے۔

حضور انور نے فرمایا ''یتیم جو بعض لحاظ سے بعض اوقات احساس کمتری کا شکار ہو کر اپنی صلاحیتیں ضائع کر دیتے ہیں ان کی ایسی رنگ میں تربیت ہو جوان کو معاشرے کا بہترین فرد بنادے پس نہ زیادہ سختیاں اچھی ہیں نہ ضرورت سے زیادہ نرمی بلکہ نیک نیتی کے ساتھ اپنے بچوں کی طرح ان کی تربیت کرنا بھی ضروری ہے اور یہ جس طرح ماں باپ کے سائے تلے رہنے والے بچے کا حق ہے اسی طرح ایک یتیم کا بھی حق ہے۔''

حضور انور نے یتامیٰ کی مالی معاونت کے بارہ میں فرمایا ''اسی طرح پاکستان میں رہنے والے مخیّر احمدی حضرات بھی اس فنڈ میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

حضور انور کے اس بابرکت ارشاد کی روشنی میں تمام احباب کی خدمت میں عموماً و مخیّر حضرات کی خدمت میں خصوصاً مودبانہ عرض ہے کہ ارشاد خداوندی فاستبقوا الخیرات کی روح کو مدنظر رکھتے ہوئے اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

پس دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمام احباب کے اموال و نفوس میں غیر معمولی برکت ڈالے اور معاشرے کے اس قابل رحم طبقے کی زیادہ سے زیادہ مالی معاونت کرکے ان کی دعاؤں کے مستحق بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(سیکرٹری کمیٹی کفالت یکصد یتامیٰ ربوہ)

# قیام رمضان۔ تقاضے اور برکات

## احادیث نبویہ کی روشنی میں

عبدالسمیع خان

عن ابی ھریرة ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم قال:من قام رمضان ایمانا و احتساباً غفرلہ ماتقدم من ذنبہ۔

(صحیح بخاری کتاب الایمان باب تطوع قیام رمضان حدیث نمبر36)

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

جس نے رمضان میں ایمان کے ساتھ اور اپنا احتساب کرتے ہوئے عبادت کی اس کے گزشتہ گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔

اس مضمون کو رسول کریم ﷺ نے مختلف اور متعدد پیرایوں میں بیان فرمایا ہے اور یہ بھی ظاہر فرمادیا ہے کہ ایمان اور احتساب سے کیا مراد ہے۔

حضرت ابو ہریرہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

جس نے حالت ایمان میں اور احتساب کرتے ہوئے رمضان کے روزے رکھے اس کے سابقہ گناہ معاف کردیئے جاتے ہیں۔

(بخاری کتاب الصوم باب من صام رمضان ایمانا واحتسابا حدیث نمبر1768)

### افضل مہینہ:

حضرت عبدالرحمان بن عوفؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے رمضان کا ذکر فرمایا اور اسے تمام مہینوں سے افضل قرار دیا اور فرمایا جو شخص رمضان میں حالت ایمان اور احتساب کے ساتھ عبادت کرتا ہے وہ گناہوں سے اس طرح نکل آتا ہے جیسے اس کی ماں نے اسے جنا تھا۔

(سنن نسائی کتاب الصیام حدیث نمبر2179)

### پاک اور معصوم:

حضرت عبدالرحمٰن سے روایت ہے کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے تم پر فرض کئے اور میں نے تمہارے لئے اس کا قیام جاری کردیا۔ پس جو شخص ایمان کی حالت میں احتساب کرتے ہوئے روزے رکھے وہ گناہوں سے ایسے نکل جاتا ہے جیسے اس کی ماں نے اسے جنم دیا ہو۔

(سنن نسائی کتاب الصیام باب ثواب من قام رمضان حدیث نمبر2180)

### اگر تمہیں معلوم ہوتا:

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

جس شخص نے رمضان کے روزے ایمان کی حالت میں اور اپنا محاسبہ نفس کرتے ہوئے رکھے۔ اس کے گزشتہ گناہ معاف کردیئے جائیں گے اور اگر تمہیں معلوم ہوتا کہ رمضان کی کیا کیا فضیلتیں ہیں تو تم ضرور اس بات کے خواہشمند ہوتے کہ سارا سال ہی رمضان ہو۔

(الجامع الصحیح مسند الامام الربیع بن حبیب، کتاب الصوم باب فی فضل رمضان)

### جنت کو آراستہ کردیا گیا:

حضرت ابومسعود غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے کہ میں نے رمضان کے شروع ہونے کے بعد ایک روز آنحضرت ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ۔

''اگر لوگوں کو رمضان کی فضیلت کا علم ہوتا تو میری امت اس بات کی خواہش کرتی کہ سارا سال ہی رمضان ہو'' اس پر ایک آدمی نے کہا اے اللہ کے نبی! ہمیں رمضان کے فضائل سے آگاہ کریں۔ آپؐ نے فرمایا یقیناً جنت کو رمضان کیلئے سال کے آغاز سے آخر تک مزین کیا جاتا ہے پس جب رمضان کا پہلا دن ہوتا ہے تو عرش الٰہی کے نیچے ہوائیں چلتی ہیں۔

(الترغیب والترھیب، کتاب الصوم، الترغیب فی صیام رمضان)

### رمضان کے معنے:

حضرت انس بن مالکؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ:

رمضان کا نام رمضان اس لئے رکھا گیا ہے کہ یہ گناہوں کو جلا کر خاکستر کردیتا ہے۔

(الفردوس بماثور الخطاب جلد2 صفحہ 60 حدیث نمبر:2339)

### آگ سے بچاؤ:

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

روزے ڈھال ہیں اور آگ سے بچاؤ کا مضبوط قلعہ ہیں۔ (مسند احمد حدیث نمبر :8857)

### سراسر رحمت اور مغفرت:

حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

رمضان ایک ایسا مہینہ ہے جس کی ابتدا نزول رحمت ہے۔ جس کا وسط مغفرت الٰہی ہے اور جس کا اختتام آگ سے آزادی پر منتج ہوتا ہے۔

(مشکوٰۃ کتاب الصوم)

### جنت کے دروازے کھل گئے:

حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے سنا آپؐ فرمارہے تھے۔

رمضان آ گیا ہے اور اس میں جنت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے مقفل کر دیئے جاتے ہیں اور شیاطین کو اس میں زنجیروں سے جکڑ دیا جاتا ہے ہلاکت ہو اس شخص کیلئے جس نے رمضان کو پایا اور اس سے بخشا نہ گیا اور وہ رمضان میں نہیں بخشا گیا تو پھر کب بخشا جائے گا۔

(الترغیب والترھیب۔ کتاب الصوم۔ الترغیب فی صیام رمضان)

### روزانہ نجات دیتا ہے:

حضرت ابوہریرہؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب رمضان کے مہینے کی پہلی رات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کی طرف دیکھتا ہے اور جب اللہ تعالیٰ کسی بندے کی طرف دیکھتا ہے تو پھر اسے کبھی بھی عذاب نہیں دیتا اور اللہ تعالیٰ ہر روز ہزاروں لاکھوں افراد کو جہنم سے نجات دیتا ہے۔ پس جب رمضان کی 29ویں رات ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ رمضان کی گزشتہ 28 راتوں کے برابر لوگوں کو بخش دیتا ہے۔

(الترغیب والترھیب۔ کتاب الصوم۔ الترغیب فی صیام رمضان)

### نفل کا ثواب فرض کے برابر:

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ نے اس ماہ رمضان کے روزے فرض کئے ہیں اور اس کی رات کی عبادت کو نفل ٹھہرایا ہے۔ اس مہینہ میں جو شخص کسی نفلی عبادت کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کرے گا۔ اسے اس نفل کا ثواب عام دنوں میں فرض کے برابر ملے گا اور جس نے اس مہینے میں ایک فرض ادا کیا اسے عام دنوں کے 70 فرضوں کے برابر ثواب ملے گا۔

(مشکوٰۃ۔ کتاب الصوم)

### رمضان کی برکتیں:

حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ نے رمضان کے روزے فرض کئے ہیں اور اس کی رات کی عبادت کو نفل ٹھہرایا ہے۔ یہ مہینہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا ثواب جنت ہے اور یہ ہمدردی خلق کا مہینہ ہے اور ایسا مہینہ ہے جس میں مومن کا رزق بڑھایا جاتا ہے۔ (مشکوٰۃ کتاب الصوم)

### سایہ رحمت کا مہینہ:

حضرت عبادہ بن صامتؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:۔

تم پر رمضان کا مہینہ آیا ہے یہ برکت کا مہینہ ہے اللہ تعالیٰ تم پر سایہ رحمت کرتا ہے اور تمہاری خطاؤں کو مٹاتا ہے اور اس مہینے میں دعائیں قبول ہوتی ہیں۔

(الترغیب والترھیب کتاب الصوم حدیث نمبر 1490 جلد2 صفحہ 60)

### بخشش کی راہ:

حضرت سلمان فارسیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

جو شخص ماہ رمضان میں اپنے مزدور یا خادم سے اس کے کام کا بوجھ ہلکا کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس شخص کو بخش دے گا اور اسے آگ سے آزاد کردے گا۔

(مشکوٰۃ کتاب الصوم)

پھر آنحضرت ﷺ نے اپنے عمل سے وہ نمونہ بھی مہیا فرمادیا جو گناہوں کو جلا ڈالنے اور خدا کے قریب کرنے والا ہے۔

### رات کی عبادت:

حضرت ابوسلمہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا کہ رسول کریم ﷺ رمضان میں رات کو کتنی رکعات پڑھا کرتے تھے۔ انہوں نے فرمایا:

رسول کریم ﷺ رمضان اور اس کے علاوہ بھی رات کو گیارہ رکعات سے زائد نہیں پڑھتے تھے۔ پہلے چار رکعات پڑھتے ان کے حسن اور طوالت کے بارہ میں نہ پوچھ۔ پھر چار رکعات پڑھتے ان کے حسن اور طوالت کا بھی کیا کہنا۔ پھر 3 وتر ادا کرتے۔ میں نے ایک دفعہ پوچھا یا رسول اللہ آپ رات کو وتر پڑھنے سے پہلے سو جاتے ہیں تو آپ نے فرمایا میری آنکھیں سو جاتی ہیں مگر میرا دل نہیں سوتا۔

(صحیح بخاری کتاب الصلوٰۃ التراویح باب فضل من قام رمضان حدیث نمبر 1874)

### رمضان میں انفاق فی سبیل اللہ:

حضرت ابن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ سخی تھے اور رمضان میں تو آپ کی سخاوت پہلے سے بھی بڑھ جایا کرتی تھی اور آپؐ تیز ہواؤں سے زیادہ جودوسخا کیا کرتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب بدء الوحی حدیث نمبر5)

### آخری عشرہ کی عبادت:

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ آنحضرت ﷺ رمضان کے آخری عشرہ میں عبادت کے لئے جو محنت اور مجاہدہ کرتے تھے وہ دیگر ایام میں نہیں ہوتی تھی۔

(صحیح مسلم کتاب الاعتکاف باب الاجتہاد فی العشر الاواخر حدیث نمبر2009)

باقی صفحہ 11 پر

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 5 روپے

# فرہنگ چشمہ معرفت

## مشکل الفاظ کا تلفظ اور معانی

## اسماء مقامات اور اصطلاحات کا تعارف

چشمہ معرفت میں حضرت اقدس مسیح موعود نے آریہ سماج کی طرف سے قرآن کریم اور آنحضرت ﷺ پر کئے گئے اعتراضات کا جواب دیا ہے۔ نیز وید اور قرآن کریم کی تعلیم کا موازنہ کیا گیا ہے۔ اس لئے اس کتاب میں بکثرت ہندی اور سنسکرت الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔ کتاب کو سمجھنے اور صحیح مفہوم اخذ کرنے کے لئے فرہنگ پیش خدمت ہے جس میں تلفظ بھی شامل ہے۔ مطالعہ کے دوران اگر کسی قسم کی کوئی مشکل درپیش آئے تو نظارت سے رابطہ کریں۔ چشمہ معرفت کا کمپیوٹرائزڈ ایڈیشن شائع ہو چکا ہے اور نظارت اشاعت سے مل سکتا ہے۔ امید ہے احباب جماعت اس کتاب کا مطالعہ کر رہے ہوں گے۔

سید محمود احمد ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ

| صفحہ | الفاظ | تَلَفُّظ | معانی |
|---|---|---|---|
| 71 | حمیت | حَمِیَّت | غیرت، شرم |
| 71 | مانع | مانِع | (۱) منع کرنے والا۔ روکنے والا۔ سدِّ راہ (۲) ممانعت۔ روک۔ اٹکاؤ |
| 71 | پرآشوب | پُر آشوب | فتنہ انگیز۔ فساد سے بھرا ہوا |
| 71 | آفرینش | آفْرِینِش | پیدائش |
| 72 | مسلوب | مَسْلُوب | سلب کیا گیا۔ چھینا لیا گیا۔ مٹایا گیا۔ نابود کیا گیا |
| 72 | جذام | جُذَام | کوڑھ |
| 72 | خون بگڑنا | خون بگڑنا | خون کا خراب ہو جانا۔ کوڑھ یا جذام ہونا |
| 72 | مکتی | مُکْتِی | نجات |
| 72 | گیان | گِیان | علم |
| 72 | چنداں | چَنْدَاں | اس قدر |
| 73 | ویدک سنسکرت | وِیــــدِك سَنْسِکْرَتُ | وید میں مستعمل سنسکرت زبان |
| 73 | بارِثبوت | بَارِ ثُبوت | ثبوت دینے کی ذمہ داری |
| 73 | قریب العہد | قَرِیبُ العَھْد | قریب کے وقت میں |
| 73 | مکتی خانہ | مُکْتِی خَانَہ | نجات خانہ |
| 73 | کنٹھ | کَنْٹھ | زبانی یاد۔ حفظ |
| 74 | ازبر | اَزْ بَرْ | یاد، حفظ |
| 74 | آریہ سماج | آرِیَہُ سَمَاج | ہندوؤں کا ایک جدید فرقہ جسکی بنیاد پنڈت دیانند نے رکھی اور اس کا نام آریہ سماج رکھا، سماج بمعنی مجلس، گروہ وغیرہ |
| 75 | مختص القوم | مُخْتَصُّ الْقَوْم | خاص گروہ یا قوم سے متعلق |
| 75 | قرنا | قَرْنَا | سینگ کا بگل، نرسنگا |
| 76 | سبلیں | سَبِلِیں | راہیں۔ سبیل (راہ) کی جمع ہے |
| 76 | تمدنی | تَمَدُّنِیُ | معاشرتی (کلچرل) |
| 76 | صریح | صَرِیح | واضح، کھلا کھلا |
| 77 | تخم | تُخْم | بیج، گٹھلی، اولاد، نسل |
| 77 | آرین | آرین | آریہ لوگ |
| 77 | شاکت مت | شاکَت مَت | ہندوؤں کا ایک فرقہ |
| 78 | بیگانہ | بِیگانَہ | ناواقف، انجان |
| 78 | نیوگ | نِیوگ | ہندو مذہب کی رو سے ایک رسم جس میں عورت اولاد کے حصول کیلئے کسی غیر مرد سے ہمبستری کرے۔ جیسا کہ ستیارتھ پرکاش میں لکھا ہے۔ |
| 78 | اجرام سماوی | اَجْرَامِ سَمَاوِی | جرم کی جمع۔ اجسام۔ آسمانی عناصر |
| 78 | جوالامکھی | جَوَالَامُکھِّی | کوہ آتش فشاں |
| 78 | پنڈت | پَنْڈَت | دانا، عقلمند، عالم، فاضل، ہندوؤں کا مذہبی عالم |
| 78 | مبہم | مُبْہَم | غیر واضح |
| 78 | معما | مُعَمَّا | معمہ۔ پیچیدہ بات |
| 78 | دھرم | دھرم | مذہب |
| 78 | جل | جَلُ | پانی |
| 78 | پوجا | پُوجَا | عبادت |
| 78 | شرتی | شُرُتِی | آیت، ٹکڑا |
| 79 | لچر | لَچَرُ | بیہودہ |
| 79 | تحت اللفظ | تَحْتَ اللّفْظِ | (۱) حرف بحرف (۲) لفظی ترجمہ (۳) ترنم کے بغیر شعر پڑھنا |
| 79 | مقتضائے | مُقْتَضَائے | مطابق۔ ہمدردی کے تقاضے کے مطابق۔ |
| 80 | منزل الوحی | مُنَزِّلُ الْوَحْیِ | وحی نازل کرنے والا |
| 80 | تعطل | تَعَطُّلُ | بے کار رہنا۔ وقتی رکاوٹ |
| 80 | کاہل | کَاہِل | سست |
| 80 | عبث | عَبَث | بے فائدہ۔ فضول |
| 80 | مکالمات الٰہیہ | مُکَالَماتِ اِلٰهِيَّہ | اللہ تعالیٰ کی وحی، الہام اور گفتگو |
| 82 | دخانی جہاز | دُخَانِی جَھَاز | وہ بحری جہاز جو بھاپ کے زور سے چلے۔ یہ خاص بحری جہازوں کے لئے مستعمل تھا یعنی سٹیمر |
| 82 | حائل | حَائِل | بیچ میں آ جانے والی چیز۔ آڑ۔ روک |
| 82 | الحاد | اِلْحَادُ | الگ ہو جانا، بے دین، خدا سے منکر |
| 83 | بنی اسرائیل | بَنِی اِسْرَائِیل | اسرائیلؑ کے بیٹے۔ حضرت یعقوبؑ کی اولاد |
| 83 | یاجوج ماجوج | یاجوج ماجوج | آگ سے کام لینے والی دو قومیں جن کا آخری زمانہ میں خروج ہونا تھا |
| 83 | واجب التصدیق | وَاجِبُ التَّصْدِیْق | جس کی تصدیق واجب ہو |
| 84 | اجمالی طور پر | اِجمالی طور پر | مختصر طور پر |
| 84 | ذوالعقول | ذو العقول | عقل والے |
| 84 | مورد | مَوْرِدُ | وارد ہونے کی جگہ۔ کسی کا موردِ عذاب ہونا یعنی کسی کا عذاب وارد ہونے کی جگہ ہونا |
| 84 | معشر الانس | مَعْشَرُ الْاِنْسِ | انسانوں کا گروہ |
| 84 | معشر الجنّ | معشر الجِنّ | جنوں کا گروہ |
| 84 | نبرد آزمائی | نَبَرْد آزمائی | مقابلہ کرنا۔ لڑائی کرنا۔ جنگ کرنا |
| 85 | توالد تناسل | تَوالُدُ تناسُل | سلسلہ پیدائش |
| 85 | سدّ سکندری | سَدِّ سِکَنْدَرِی | سکندر کی بنائی ہوئی روک یا دیوار مراد سخت روک |
| 85 | تناقض | تَنَاقُض | تضاد، ایک دوسرے کے مخالف ہونا |
| 86 | اقبال | اِقْبَال | قبول کرنا، پیش قدمی کرنا، عزت |
| 86 | محیط | مُحِیْط | گھیرنے والا |
| 87 | تحکّم | تَحَکُّم | زبردستی |
| 87 | کلام | کَلام | بات، گفتگو |
| 87 | کلوں | کَلوں | کَل کی جمع، پرزہ، حرکت، مشین |
| 87 | دجل | دَجْلُ | فریب، دھوکہ |
| 88 | سامان رزم بزم | سامان رَزْمُ بَزْمُ | رزم: جنگ، بزم: محفل |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 88 | ید طولیٰ | یَدِ طُولیٰ | قدرت، کمال، مہارت۔ لفظی ترجمہ لمبا ہاتھ |
| 88 | ثلج صدر | ثَلْجِ صَدُر | ٹھنڈا سینہ، دلی اطمینان۔ سینے کی ٹھنڈک |
| 88 | مرسل | مُرْسَلُ | بھیجا ہوا، رسول |
| 90 | ممتد | مُمْتَدّ | پھیلا ہوا، بڑھا ہوا |
| 91 | فوق العادت | فَوقَ العادَت | بساط سے باہر۔ عام قانون سے ہٹ کر۔ غیر معمولی طور پر |
| 93 | مدت ہائے دراز | مُدَّتُ هائے دَراز | لمبے زمانے۔ (یہ جمع ہے) لمبی مدتیں |
| 93 | حجت بالغہ | حُجَّتِ بَالِغَه | مقصد کو پالنے والی دلیل (لفظی ترجمہ: پہنچنے والی دلیل) |
| 93 | اتمام الحجت | اِتْمَامُ الحُجَّتُ | حجت مکمل کرنا |
| 94 | طومار | طُومَار | ڈھیر |
| 95 | نقّارہ | نَقَّارَه | بڑا ڈھول۔ طبل |
| 95 | اکاش | اَکَاش | آسمان |
| 98 | ویدانت | وِیُدَانُت | گیان کی انتہاء۔ وید کا آخری حصہ جس میں تصوف کا بیان ہے۔ |
| 98 | وراء الوراء | وَرَاءُ الوَرَاء | سب سے پیچھے۔ بالا۔ مراد نہاں درنہاں۔ بہت دور |
| 98 | تنزہ | تَنَزُّه | بے عیب ہونا۔ پاک ہونا |
| 98 | تنزیہی صفت | تَنْزِیُهِی صِفُت | خدا کی وہ صفت جو مخلوق میں نہ پائی جاتی ہو |
| 99 | نرگن | نِرُگُن | بے گن یعنی بے صفات |
| 99 | سرگن | سَرُگُن | تمام صفات والا |
| 99 | حجر اسود | حَجَرِ اَسْوَد | خانہ کعبہ میں نصب سیاہ پتھر |
| 100 | مرایا متقابلہ | مَرایا مُتَقابِله | مرایا جمع ہے مِرْاۃ (آئنہ) کی۔ متقابلہ: آمنے سامنے۔ **مرایا متقابلہ:** آبگینے جو آمنے سامنے رکھے ہوں۔ |
| 100 | انبساط | اِنُبِسَاطُ | خوشی خرمی، شادمانی |
| 100 | رقت | رِقَّتُ | درد، نرمی، سوز |
| 100 | مجذوموں | مَجْذُومُوں | کوڑھیوں۔ مجذوم کی جمع ہے۔ |
| 100 | معبرین | مُعَبِّرِین | علم تعبیر کے ماہرین |
| 102 | ممدوحہ بالا | مَمْدُوحَه بَالا | جسکی اوپر تعریف کی گئی ہے۔ جس کا اوپر ذکر کیا گیا ہے۔ |
| 102 | قواعد کلیہ | قَوَاعِدِ کُلِّیَّه | اصول وضوابط۔ بنیادی قوانین |
| 103 | تطبیق | تَطْبِیُق | مطابق کرنا |
| 103 | حاذق | حاذِق | دانا، ماہر، کامل |
| 103 | علم الابدان | عِلْمُ الْاَبُدان | جسموں کے متعلق علوم |
| 103 | بلیغ پیرایہ | بَلِیغ پَیُرَایَه | واضح اور مؤثر انداز |
| 104 | ناپیدا کنار | نَاپَیُدَا کِنَار | جس کا کوئی کنارا نہ ہو |
| 107 | گھماؤں | گُھمَاؤں | آٹھ کنال زمین |
| 107 | حرف شناس | حَرُفُ شَنَاس | ابجد خوان، حروف تہجی کی پہچان کرنے والا |
| 108 | چاک | چاك | تراشیدہ، کٹا ہوا، پھٹا ہوا |
| 109 | فروگذاشت | فِرَو گُذاشت | بھول چوک |
| 109 | برہمن | برهمن | وید جاننے والا، ہندوؤں کا پجاری، ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے سب سے اعلیٰ ذات والا |
| 110 | تحقیق طلب | تحقیق طلب | جستجو کے لائق |
| 110 | نامتناہی | نامُتَنَاهِی | لامحدود۔ جس کی کوئی انتہاء نہ ہو |
| 110 | عارفوں | عارفوں | عارف کی جمع۔ معرفت رکھنے والا، خدا کی پہچان کرنے والا |
| 110 | حدبست کرنا | حَدُ بَسُت | سرحد باندھنا، حد بندی کرنا |
| 110 | متناقض | مُتَنَاقِضُ | باہمی مخالفت |
| 110 | حواس خمسہ | حَواسِّ خَمُسَه | پانچ حواس |
| 110 | باطنی | باطنی | پوشیدہ، چھپا ہوا۔ اندرونی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 110 | شناخت | شَنَاخُت | پہچان |
| 110 | محدود | مَحُدُود | جس کی حد ہو |
| 110 | کارخانہ قدرت | کَارخَانَه قُدُرَت | کائنات، قدرت کی کاریگری |
| 110 | تحقیقاتیں | تَحُقِیُقَاتِیُں | تحقیق کی جمع الجمع۔ تحقیقات کی جمع |
| 110 | طبعی | طَبُعِی | Natural، فطری |
| 110 | ہیئت جدیدہ | هَیُئَتِ جَدِیُدَه | نئے علوم |
| 110 | اسرار | اَسُرَار | پوشیدہ، راز |
| 110 | منسوخ | مَنُسُوُخ | جس کو کالعدم قرار دے دیا |
| 111 | درہم برہم | دَرُهَم بَرُهَم | الٹ پلٹ ہو جانا، بکھر جانا |
| 111 | مادی | مَادِّی | ذاتی، اصلی، قدرتی |
| 111 | مسکن دماغ | مُسَکِّنِ دِمَاغ | دماغ کو سکون دینے والا |
| 111 | مرطب | مُرَطِّب | تروتازگی بخشنے والی چیزیں |
| 111 | برومائڈ | برومائڈ | ایک دھات ہے۔ Bromide |
| 111 | روغن خشخاش | روغن خَشُخَاشُ | خشخاش کا تیل |
| 111 | روغن تخم کدو | روغَنُ تُخم کَدُّو | کدو کے بیجوں کا تیل |
| 111 | غنودگی | غَنُودُگِی | نیند اور بیداری کی درمیانی کیفیت، |
| 111 | تاثیر | تاثیر | اثر، نقش |
| 111 | علل | عِلَلُ | علت کی جمع، سبب، وجہ، باعث |
| 111 | معطّل | مُعَطَّل | بے کار، جس کو چھوڑ دیا جائے |
| 111 | بیکار | بے کار | جس کا کوئی کام نہ ہو، فارغ |
| 111 | صادق | صادِق | سچا |
| 111 | وفا | وفا | پورا کرنا |
| 111 | حاجت | حاجَت | ضرورت |
| 111 | مشغول | مَشغُول | مصروف |
| 111 | ناگاہ | ناگاہ | اچانک |
| 111 | فصیح | فَصیح | کھول کر بیان کرنے والا |
| 111 | بلیغ | بَلیغ | کامل، پورا، مکمل |
| 111 | میخ آہنی | مِیخِ آهَنِی | لوہے کا کیل |
| 111 | دھنس جانا | دَهنُس جانا | پیوست ہو جانا، کھب جانا |
| 111 | لذیذ | لَذِیذ | لذت دار |
| 111 | نفرت | نَفُرَت | دوری۔ بیزاری |
| 111 | بیزاری | بے زاری | نفرت |
| 112 | پیرایہ | پَیُرایَه | اندازِ بیان |
| 112 | خفیف | خَفِیف | کم، معمولی |
| 112 | ربودگی | رُبُودُگِی | غنودگی |
| 112 | غشی | غَشِی | بے ہوش ہو جانا |
| 112 | پاش پاش کرنا | پاش پاش کرنا | ٹکڑے ٹکڑے کرنا |
| 112 | کشفی (رنگ) | کَشفِی (رنگ) | حالتِ کشف میں۔ نیند اور بیداری کی درمیانی حالت میں کوئی نظارہ دیکھنا۔ |
| 112 | طبابت | طَبَابَتُ | حکمت، علمِ طب |
| 112 | اصلیت | اَصُلِیَّت | بنیاد۔ حقیقت |
| 112 | اعجوبہ | اُعُجُوبَه | تعجب انگیز، حیرت ناک بات |
| 112 | مدعا | مُدَّعَا | مقصد |
| 112 | کسر شان | کَسُرِ شَان | عزت میں کمی ہونا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 113 | آفتاب پر تھوکنا | آفتاب پر تُھو کنا | سورج پر تھوکنا۔محاورہ: کسی ایسی چیز سے نقص نکالنا جس میں کوئی نقص نہ ہو۔ |
| 113 | ضعیف | ضَعِیف | کمزور |
| 113 | راستبازی | رَاسْتبَازِی | سچائی |
| 113 | تزکیہ نفس | تَزْکِیَہ نَفْس | نفس کو پاک کرنا |
| 113 | ممتاز | مُمتَاز | نمایاں |
| 113 | ملہم | مُلْهَم | جن کو الہام ہوتا ہو |
| 113 | ہیبت | هَیْبَت | خوف، رعب |
| 113 | عالم | عالَم | جہان، دنیا |
| 113 | جابجا | جا بجا | جگہ جگہ، ہر طرف |
| 113 | موافقت | مُوافَقَت | مناسبت، اتفاق |
| 114 | پردہ دری | پَرْدَہ دَرِی | راز فاش ہونا |
| 114 | اندر | اِنْدَرْ | دیوتا کا نام |
| 114 | پرمیشر | پر مے شَر | سب سے بڑا خدا |
| 114 | کشلیا | کُشَلْیَا | حضرت کرشن کی ماں کا نام |
| 114 | عناصر | عَنَاصِرُ | عنصر کی جمع |
| 114 | محرف | مُحَرَّف | جس کو بدل دیا گیا ہو |
| 114 | اغلب | اَغْلَب | زیادہ غالب امکان |
| 114 | پرستش | پَرَستِش | عبادت، پوجا |
| 114 | نطفہ | نُطفَه | منی |
| 115 | بیرج داتا | بِیرَج دَاتا | نطفہ دینے والا |
| 115 | وید بھاش | وِید بَھاش | وید کی تفسیر |
| 115 | ستیارتھ پرکاش | سَتْیَارتھ پَرکَاش | پنڈت دیانند کی کتاب کا نام |
| 115 | جیو | جِیئُو | روح |
| 115 | شبنم | شَبْنَمْ | اوس |
| 115 | مکر | مَکر | تدبیر، فریب |
| 115 | زد | زد | چوٹ۔کسی پر زد کرنا سے مراد چوٹ کرنا |
| 116 | متصف | مُتَّصِف | صفت والا ہونا |
| 116 | تقدس | تَقَدُّسُ | پاکیزگی |
| 116 | پاداش | پَادَاش | سزا۔بدلہ۔عوض |
| 116 | خیر الماکرین | خَیْرُ الْمَاکِرِیْن | تدبیر کرنے والوں میں سے بہترین |
| 117 | رعیت | رَعِیَّتُ | رعایا |
| 117 | نمک حرام | نَمَکْ حَرَام | بے وفا |
| 117 | تشویش | تَشْوِیش | گھبراہٹ۔پریشانی |
| 117 | سرغنوں | سَرْغَنَوں | سرغنہ کی جمع۔سردار |
| 117 | مانڈلے | مَانْڈلے | ایک شہر کا نام |
| 117 | سہیڑ | سهیڑ | خواہ مخواہ کسی مشکل میں پھنسنا |
| 117 | دھیما | دهیما | آہستہ، نرم |
| 118 | مخفی | مخفی | پوشیدہ |
| 118 | بقدر کفایت | بَقَدْرِ کِفایَت | ضرورت کے مطابق |
| 118 | کنہ | کُنہ | حقیقت، اصلیت |
| 118 | ہیچ | هیچ | کمتر |
| 118 | استعارہ | اِسْتِعَارَہ | تمثیل |
| 119 | استوا | اِسْتَوَا | قرار پکڑا۔(مصدر استواء ہے قرار پکڑنا) |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 119 | عرش | عرش | حکومت |
| 119 | الجودی | اَلْجُودِی | پہاڑ کا نام |
| 119 | مخلوط | مَخْلُوط | ملا جلا |
| 119 | مقید | مُقَیَّدْ | بندھا ہوا، قید |
| 120 | احاطہ کرنا | اِحَاطَہ کرنا | گھیر لینا، شمار کرنا |
| 120 | رگ جان | رَگِ جان | شہ رگ |
| 120 | پوشیدہ | پوشیده | مخفی |
| 120 | معرفت | مَعْرِفَت | پہچان |
| 120 | مابہ الامتیاز | مَابِهِ الْاِمْتِیَاز | جو نمایاں کرنے کی وجہ ہو |
| 121 | مصنوعات | مَصْنُوعَات | بنائی ہوئی اشیاء |
| 121 | ادھیا | اَدْهیَا | وید و گیتا کا باب |
| 121 | منتر | مَنْتَر | وید وغیرہ کی آیات |
| 121 | تولد | تَوَلُّد | پیدائش |
| 121 | ایش اپنیشد | ایش اُپْنِیشَد | یجروید کے ایک باب کا نام |
| 121 | آلائش | آلائِشُ | گندگی |
| 121 | اندیشہ | اَنْدیشَه | فکر، خیال۔کھٹکا |
| 121 | مشابہ | مُشَابِہ | ملتا جلتا، ہم شکل |
| 121 | اوہام | اَوْهَام | وہم کی جمع |
| 122 | شبیہ | شَبِیہ | مانند، ملتا جلتا، شکل، صورت |
| 122 | اجتماع | اِجْتِمَاع | اکٹھے ہونا |
| 122 | ہمبستری | هَمْبِسْتَرِی | صحبت کرنا |
| 123 | دلالت | دَلَالَت | نشان، علامت، ہدایت، راہنمائی |
| 123 | آواگون | آوا گون | تناسخ |
| 123 | جونوں | جُونوں | جنم۔جون کی جمع |
| 123 | چرند | چَرِنْدُ | چرنے والے جانور |
| 123 | پرند | پَرِنْدُ | اڑنے والے جانور |
| 123 | درند | دَرِنْدُ | گوشت کھانے والے چیر پھاڑ کرنے والے جانور |
| 123 | جاودانی | جاوِدَانی | ہمیشگی، دوام |
| 123 | مکتی | مُکْتِی | نجات |
| 123 | قدیم | قَدِیم | پرانا، ہمیشہ سے |
| 123 | مستلزم | مُسْتَلْزِم | لازم |
| 123 | محال | مُحَال | ناممکن |
| 124 | استعداد | اِسْتِعْدَاد | طاقت |
| 124 | قالب | قَالِب | سانچا، ڈھانچا |
| 124 | مشہود | مَشْهُود | جس کو دیکھا جا سکے |
| 124 | محسوس | مَحْسُوس | جس کو محسوس کیا جا سکے |
| 124 | عمیق تہ | عَمِیق تہ | گہری تہہ |
| 124 | مرکب | مُرَکّب | ترکیب پایا ہوا |
| 124 | قادر | قَادِر | طاقت رکھنے والا |
| 125 | گمان | گُمان | خیال |
| 125 | رچ جانا | رَچ جانا | مل جانا۔سرایت کرنا |
| 125 | سرایت کرنا | سرایت کرنا | پوری طرح داخل ہو جانا |
| 125 | تعصب | تَعَصُّبُ | تنگ نظری |
| 125 | سودائی | سودائی | خبطی، پاگل |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 126 | مواخذہ | مُؤَاخَذَہ | پکڑ، گرفت |
| 126 | سبکدوشی | سُبُکدُوشِی | فراغت |
| 126 | ہوشیار پور | ہوشیار پور | جگہ کا نام |
| 127 | ناگری | ناگری | ہندوستان میں بولی جانے والی ایک زبان |
| 127 | برہمو | برھمو | ہندوؤں کا فرقہ عقل اور الہام کے قائل ہیں |
| 127 | افترا پرداز | افترا پرداز | جھوٹ باندھنے والا |
| 127 | تلف کرنا | تَلَف کرنا | ضائع کرنا۔ مٹا دینا |
| 127 | برّ و بحر | بَرّوبَحر | خشکی اور تری |
| 127 | سرب | سَرَب | مکمل |
| 127 | شکتیمان | شَکْتِیْ مَان | طاقت والا |
| 127 | سرب شکتیمان | سَرَب شَکْتِیْمَان | قادر مطلق |
| 128 | منافی | مُنَافِی | مخالف |
| 128 | برتر واعلیٰ | بَرتَر وَاَعلیٰ | بڑا۔ بلند |
| 128 | ارواح | اَرْوَاح | روح کی جمع |
| 128 | کنندہ | کُنِنْدَہ | کرنے والا |
| 129 | ممتنع | مُمْتَنِع | ممنوع، محال |
| 129 | چشمدید | چَشْمْدِیْد | آنکھوں دیکھا |
| 129 | نیست سے ہست کرنا | نیست سے ہست کرنا | بغیر کسی چیز کے کوئی چیز پیدا کرنا |
| 130 | دست اندازی | دَسْتُ اَنْدَازِی | مداخلت |
| 130 | نفس الامر | نَفْسُ الْاَمْر | اصل حقیقت |
| 131 | مملو | مَمْلُوّ | بھرا ہوا |
| 131 | جونکیں | جونکیں | جونک کی جمع |
| 131 | فی الفور | فِی الْفَوْر | فوراً |
| 132 | گیہوں | گے ہوں | گندم |
| 132 | قحط | قَحط | کم ہوجانا۔ کسی چیز کی کمیابی |
| 132 | طمع | طَمَع | لالچ |
| 132 | نجس | نَجَس | گندہ۔ پلید |
| 132 | خبیث | خَبِیث | ناپاک |
| 132 | چنڈال | چَنْڈَال | نیچ کمینہ، ادنیٰ ذات کا |
| 133 | مضایقہ | مُضَایَقَہ | حرج |
| 133 | توّاب | تَوَّاب | بہت رجوع کرنے والا۔ توبہ قبول کرنے والا |
| 134 | پشیمانی | پشے مانی | شرمندگی، افسوس |
| 134 | ندامت | ندامت | شرمندگی |
| 134 | تذلل | تَذَلُّل | عاجزی، انکساری |
| 134 | انکسار | اِنْکِسَار | عاجزی |
| 134 | مغفرت | مَغْفِرَت | پردہ پوشی |
| 134 | مخلصی | مَخْلَصِی | نجات |
| 134 | ضعیف البنیان | ضَعِیفُ الْبُنْیَان | کمزور |
| 134 | متنبہ | مُتَنَبِّہ | چوکس، خبردار، جسے تنبیہ ہوجائے |
| 134 | ابتدائے آفرینش | ابتدائے آفرینش | ابتدائے پیدائش۔ پیدائش کی ابتداء |
| 134 | عالمگیر | عالمگیر | تمام دنیا پر حاوی |
| 134 | سرچشمہ | سَرچشمہ | منبع |
| 134 | ملہمین | مُلْهَمِین | جن کو الہام کیا گیا ہو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 134 | پوتر | پَوتَر | پاک (بالعموم اردو میں پَوتَّر پڑھتے / لکھتے ہیں مگر ہندی میں پَوِتُر ہے) |
| 134 | ایشر | اِیشَر | خدا |
| 134 | طرفداری | طرفداری | حمایت |
| 134 | راجا پرجا | راجا پَرجا | بادشاہ اور رعایا |
| 134 | ترمیم | تَرمِیم | مرمت۔ اصلاح |
| 134 | تنسیخ | تَنْسِیخ | منسوخ کرنا |
| 135 | مقتضی | مقتضی | تقاضا |
| 135 | لیکھرام | لیکھ رام | ایک آریہ پنڈت جو حضرت مسیح موعودؑ کی پیشگوئی کے مطابق ہلاک ہوا |
| 135 | دور افتادہ | دور اُفتَادَہ | دور پڑا ہوا |
| 135 | صحت زائلہ | صِحَّتِ زَائِلَہ | زائل ہونے والی صحت۔ صحت جو زائل ہوچکی |
| 135 | دور شدہ | دُور شُدَہ | دور کیا گیا |
| 135 | تیر بہدف | تِیرِبَہَدَف | نشان پر تیر۔ نشانہ پر تیر |
| 135 | اعراض صوری | اِعْرَاضِ صُورِی | ظاہری طور پر پھر جانا، اعراض کرنا |
| 135 | سفلی آلائشوں | سِفلِی آلائشوں | گھٹیا قسم کی غلاظتیں، گندگیاں |
| 136 | حاذق طبیب | حاذِق طَبِیب | ماہر طبیب |
| 137 | معجزات | معجزات | معجزہ کی جمع وہ بات جس کے کرنے پر انسان قادر نہ ہو |
| 137 | معصیت | مَعْصِیَت | نافرمانی، گناہ |
| 138 | نیست ونابود | نیست و نَابُود | تباہ و برباد |
| 138 | دستگیری | دَسْتَگِیرِی | مدد |
| 138 | بے پایاں | بے پایاں | بے انتہاء |
| 138 | سرنگوں | سَرْنِگُوں | سر جھکا دینا |
| 138 | حس | حِسّ | حرکت |
| 138 | مفقود | مَفْقُود | گم |
| 139 | گولر یا گولڑ | گولَر | پھل کی قسم |
| 139 | راز | راز | پوشیدہ مخفی بات |
| 140 | تار وپود | تار وپُود | ترکیب۔ تانہ بانا |
| 140 | مجموعہ | مَجْمُوعَہ | جمع کیا گیا۔ جھوٹ کا مجموعہ: جھوٹ کا پلندہ |
| 140 | نباتات | نَبَاتَات | زمین سے پیدا ہونے والی اشیاء، پودے |
| 140 | جمادات | جَمَادَات | جماد کی جمع ہے۔ بے جان چیزیں۔ پتھر دھات وغیرہ |
| 140 | دیوثی | دَیُّوثِی | بے غیرتی، بے شرمی |
| 141 | پوتر | پَوِتُر | پاک |
| 141 | استریوں | اِسْتَرِیوں | استری کی جمع، عورت، بیوی |
| 142 | مصالح جدیدہ | مَصَالِح جَدِیْدَہ | جدید مصلحتیں۔ مصالح جمع ہے مصلحت کی۔ |
| 142 | مفاسد | مَفَاسِدُ | برائیاں۔ مفسدہ کی جمع ہے۔ فساد کے اسباب |
| 142 | تغیرات | تَغَیُّرَات | تبدیلیاں |
| 142 | تحریفات | تَحرِیفَات | تبدیلیاں |
| 143 | قوّت شنوائی | قُوَّتِ شُنَوَائِی | سننے کی طاقت |
| 143 | مفصل | مفصل | تفصیل کیا گیا۔ جس کی تفصیل بیان کی گئی ہے۔ مفصل ذکر۔ تفصیل کے ساتھ ذکر |
| 144 | منسوب | مَنسُوب | نسبت کیا گیا، متعلق |
| 144 | قطعہ | قِطعَہ | حصہ، ٹکڑا |
| 144 | کفایت | کَفَایَت | کافی |
| 144 | تفرقہ | تَفرِقَہ | اختلاف۔ فرق۔ تفریق |
| 144 | موافق | مُوَافِق | مطابق، موافقت کرنے والا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 144 | پیشرو | پِیش رَو | آگے چلنے والا۔ جو کسی کے آگے ہو اس سے پہلے آئے |
| 144 | وحدت | وحدت | ایک ہونا، یکتائی |
| 144 | باعث | بَاعِث | وجہ |
| 144 | تمہید | تَمہِید | آغاز |
| 145 | دقت | دِقّت | مشکل |
| 145 | تدریجی | تَدرِیجی | درجہ بدرجہ |
| 145 | گنجائش | گُنجائش | جگہ |
| 146 | سعید | سَعِید | نیک بخت |
| 146 | کنبے | کُنبے | گھرانے |
| 146 | منقسم | مُنقَسِم | تقسیم شدہ |
| 146 | منسلک | مُنسَلِك | ملا ہوا |
| 147 | اقوامی وحدت | اَقوامی وَحدَت | قوموں کی یکجہتی |
| 147 | مقدم | مُقَدَّم | پہلے |
| 147 | ظہور | ظُہُور | ظاہر ہونا |
| 147 | انقلاب | اِنقِلَاب | زبردست تبدیلی |
| 147 | غلبہ | غَلَبَہ | تسلط |
| 148 | ضلالت | ضَلاَلَت | گمراہی |
| 148 | بھاشی کار | بَھاشی کار | زبان جاننے والا۔ (ویدکا) مفسر |
| 148 | ویشوامتر | ویشوامتر | کوسیکا رشی کا بیٹا |
| 148 | انوکرامیتکا | اَنوکُرَا مِیتُکا | وید کے تتمہ کا نام |
| 148 | رشی | رِشِی | ہندوؤں کا بزرگ۔ نبی |
| 149 | بیخ کنی | بِیخ کَنِی | جڑھ سے اکھاڑنا |
| 149 | گوشت خوار | گوشُتْ خَارْ | گوشت کھانے والے |
| 150 | مقوی | مُقَوِّی | طاقت دینے والا/والی۔مقوی غذا: طاقت بخش غذا |
| 150 | منطق | مَنطِق | گفتگو، بات چیت |
| 150 | راجہ رامچندر | رَاجَہ رَامچَندَر | حضرت رام چندر |
| 150 | کرشن | کَرِشن | حضرت کرشن |
| 151 | دلائل مشہودہ و محسوسہ | دَلائِلِ مَشہُودَہ و مَحسُوسَہ | ایسے دلائل جو واضح ہوں |
| 151 | منکوحہ عورت | مَنکُوحَہ عَورَت | شادی شدہ عورت |
| 151 | آریہ ورت | آریَہ وَرت | آریہ نسل |
| 151 | سنیاسیوں | سَنیَاسِیوں | تارک دنیا، فقیر، جوگی |
| 151 | پرے | پَرے | دوسری طرف، دور، کوہ ہمالیہ سے پرے، کوہ ہمالیہ کے دوسری طرف |
| 152 | ہمبستر کرانا | ہمبستر کرانا | مباشرت کرانا |
| 152 | اجرام | اَجرَام | ستارے وغیرہ |
| 152 | تہمت | تُہمَت | الزام، جھوٹا الزام |
| 152 | عملداری | عَمَلدَارِی | حکومت |
| 152 | خوانخواہ | خَواہ نَخواہ | بلاوجہ |
| 152 | محققوں | مُحَقِّقوں | تحقیق کرنے والے |
| 152 | مدار | مَدَار | محور |
| 152 | ناظرین | نَاظِرِین | دیکھنے والے |
| 152 | الہامی کتاب | اِلْهَامِی كِتَاب | خدا کی طرف سے نازل شدہ کتاب |
| 153 | بلاشبہ | بِلاَشُبَہ | بے شک |
| 153 | عذر | عُذر | بہانہ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 153 | لغو حرکت | لَغو حَرَکَت | بے فائدہ حرکت |
| 153 | جلدبازی | جَلد بَازِی | جلدی کرنا |
| 153 | مکالمہ مخاطبہ | مکَالَمہ مُخَاطَبَہ | بات چیت |
| 153 | امور مشہودہ | اُمُورِ مَشہُودَہ | وہ باتیں جو مشاہدہ میں آئیں |
| 153 | کوچ کرے گا | کُوچ کرے گا | سفر اختیار کرے گا |
| 153 | الہام | اِلْہَام | خدا تعالیٰ کا کلام کرنا |
| 153 | مسمی | مُسَمّٰی | نام دیا گیا، نام والا |
| 153 | سومراج | سومراج | ایک آریہ کانا |
| 153 | شبھ چنتک | شُبھُ چِنتَكُ | اخبار کا نام (لفظی ترجمہ: خیر طلب) |
| 153 | زلازل | زَلَازِل | زلزلہ کی جمع |
| 154 | صدہا | صَدْها | سینکڑوں |
| 154 | اس کی درگاہ میں | اس کی دَرگاہ میں | اسکے حضور میں |
| 154 | عقل سلیم | عَقلِ سَلِیم | درست عقل، پوری عقل |
| 154 | قادر مطلق | قَادِرُ مُطلَق | تمام چیزوں پر قدرت رکھنے والا |
| 154 | عالم الغیب | عالِمُ الغَیب | غیب کا علم رکھنے والا |
| 154 | برخلاف | بَرْ خِلاَف | الٹ |
| 154 | عمیق تحقیق | عَمِیقُ تَحقِیقُ | گہری تحقیق |
| 154 | طول | طُوْل | لمبائی |
| 155 | مربیانہ عادات | مُرَبِّیَانَہ عَادَات | تربیت کرنے والی عادت |
| 155 | متاخرین | مُتَاخِرِین | آخری لوگ |
| 155 | متقدمین | مُتَقَدِّمِین | پہلے لوگ |
| 155 | جتلاتا ہے | جَتلاتا ھے | متنبہ کرتا ہے |
| 155 | شدائد | شَدائِد | مشکلات |
| 155 | مصائب | مَصائِب | تکالیف، مصیبتیں |
| 155 | برگزیدہ | بَرگُزِیدَہ | نیک، چنا ہوا |
| 155 | برگشتہ | بَرگَشتَہ | گمراہ |
| 155 | متنبہ | مُتَنَبِّہ | خبردار، ہوشیار |
| 155 | متصور | مُتَصَوَّر | مقصود، سوچ |
| 155 | اجر | اَجر | ثواب |
| 155 | رغبت | رَغبَت | میلان |
| 155 | شامت اعمال | شَامَتِ اَعمال | کاموں کا برا نتیجہ۔ اعمال کی سزا |
| 156 | سزایاب | سَزایاب | سزایافتہ |
| 156 | ترغیب | تَرغِیب | تحریک کرنا۔ رغبت دلانا |
| 156 | ترہیب | تَرْہِیب | خوف دلانا |
| 156 | کھول کھول کر سنادیا | کھول کھول کرسنادیا | واضح الفاظ میں سنا دیا |
| 156 | ناول | نَاوَل | اردو ادب کی ایک صنف |
| 156 | فرضی | فَرضِی | خیالی |
| 156 | مصنوعی | مَصنُوعی | بناوٹی |
| 156 | تبدیل اخلاق | تَبدِیلِ اَخلاَق | اخلاق کی تبدیلی |
| 156 | قصے | قِصّے | واقعات، کہانیاں |
| 156 | عبرت | عِبرَت | نصیحت، کسی واقعہ سے نصیحت حاصل کرنا |
| 156 | انجام کار | انجام کار | آخر کار |
| 156 | پیشگوئی | پیش گوئی | پہلے سے کوئی خبر دینا |
| 156 | بیہودہ | بے ہودہ | لغو |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 157 | رگوید | رِگ وید | ویدکی ایک کتاب |
| 157 | در پردہ | دَرپَردَہ | پردہ کے پیچھے، پوشیدہ طور پر |
| 157 | دنیوی امور | دُنیوِی اُمُوُر | دنیا کے کام |
| 157 | نئی سائنس | نئی سائِنس | جدید سائنس، نئے علوم |
| 157 | ترقی علوم | تَرَقِّیِ عُلُوم | علموں کی ترقی |
| 157 | تجارب | تَجَارِب | تجربہ کی جمع |
| 157 | وحشیانہ زمانہ | وَحُشِیَانَہ زَمَانَہ | وہ زمانہ جس میں انسان جانوروں کی طرح رہتے تھے |
| 157 | محض ناآشنا | مَحُض ناآشنا | مکمل طور پر ناواقف |
| 157 | توفیق | تَوُفِیُق | استطاعت |
| 157 | انسانی طہارت | اِنُسَانِیُ طَھَارَت | انسانی پاکیزگی |
| 157 | تہذیب | تَھُذِیُبُ | رہن سہن |
| 157 | بغیر قید نکاح | بَغَیُر قَیُد نِکَاح | بغیر نکاح کی پابندی کے۔نکاح کئے بغیر |
| 157 | نرمادہ | نر مادہ | مذکر مونث |
| 157 | باہم | باھم | اکٹھے |
| 157 | حیوانات | حَیُوَانَات | جانور |
| 157 | بدتر | بَدُ تَرُ | بہت برا |
| 157 | معذور | مَعُذُوُر | بیمار، جس کا کوئی عذر ہو، مفلوج |
| 158 | بیاہتا | بِیاھُتَا | شادی شدہ |
| 158 | وحشیانہ حالت | وَحُشِیَا نَہُ حَالَت | وہ حالت جس میں انسان جانوروں کی طرح رہتا تھا |
| 158 | نظیر | نَظِیُر | مانند، مثال |
| 158 | ناپاکی | ناپاکی | پلیدی |
| 158 | لاف وگزاف | لاف و گُزاف | فضول باتیں۔شیخی |
| 158 | گھاس پات | گھاس پَات | گھاس اور پتے وغیرہ |
| 158 | نیست | نیسُتُ | نابود، خالی، فنا، کچھ نہ ہونا، عدم |
| 158 | ہست | ھست | پیدا ہونا۔ہو جانا |
| 159 | طور | طَوُر | طریق، طرح |
| 159 | بچشم خود | بَچَشُمِ خُودُ | اپنی آنکھ سے |
| 159 | ادویہ | اَدُوِیَہ | دواء کی جمع |
| 159 | جوہر | جَوھَر | خالص چیز |
| 159 | فاسفرس | فَاسُفَرَس | ایک غیر دھاتی ٹھوس کیمیاوی مادہ جو مرکب حالت میں پایا جاتا ہے۔فاسفورس |
| 159 | تجلی الٰہی | تَجَلِّی اِلٰھِی | اللہ کا جلوہ |
| 159 | کُن | کُن | ہوجا |
| 159 | افروختہ | اَفُروختَہ | روشن ہونا |
| 159 | جنین | جَنِین | بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو |
| 159 | تجلی ربی | تَجَلِّیٔ ربی | رب کی تجلی |
| 159 | امر ربی | اَمُرِ رَبِّی | حکم ربی |
| 159 | طبیعت مدبرہ | طَبِیُعتِ مدَبِّرَہ | تدبیر کرنے والی |
| 160 | مس نسیم | مَسِّ نسیم | ہوا کا چھونا، ہوا کا لمس |
| 160 | بید بے ثمر | بید بے ثمر | ایسا درخت جس پر پھل نہ ہو، بید کا درخت |
| 160 | عدم | عَدَمُ | نیستی، ناموجودگی |
| 160 | کارخانہ پیدائش | کَارخَانَہ پیدائش | پیدائش کا نظام |
| 160 | علل معلولات | عِلَلِ مَعُلُوُلَات | علل جمع ہے علت کی، سبب۔ معلول کی جمع معلولات۔علل معلولات: اسباب کے نتائج |
| 160 | فناپذیر | فنا پذیر | فنا ہونے والا |
| 160 | باطل | باطِل | جھوٹا |
| 160 | بھید | بھیُد | راز |
| 160 | مفارقت دنیا | مُفارَقَتِ دنیا | دنیا کو چھوڑ دینا۔دنیا سے جدائی |
| 160 | علت غائی | عِلَّتِ غائی | اصل غرض |
| 160 | وارد | وارِد | آنا |
| 161 | معدوم | مَعدُوم | فنا ہوجانا، ختم ہوجانا |
| 161 | عالم خواب | عالَمِ خَوابُ | خواب کی دنیا |
| 161 | بکلی | بَکُلِّی | پوری طرح سے |
| 161 | چولہ | چولَہ | چوغہ |
| 161 | بہ یکبارگی | بَہُ یِکُبَارِگِی | ایک ہی دفعہ۔یکدم |
| 161 | فراموش | فَراموُش | بھولا دینا |
| 161 | تصرفات | تَصَرُّفَات | قبضہ، اختیار |
| 161 | مستثنٰی | مستَثُنیٰ | الگ |
| 162 | نظر تدبر | نظَرِ تدبُّر | گہری نظر |
| 162 | نیستی | نے ستی | عدم |
| 162 | الٹ پلٹ | اُلُٹ پُلُٹ | درہم برہم۔بےترتیب (اردو میں اُلَٹ پُلَٹ مستعمل ہے۔ پنجابی میں اُلُٹ پُلُٹ ہے) |
| 162 | بےخود | بے خود | اپنے قابو سے باہر |
| 162 | الٰہی تصرف | اِلٰھِی تَصَرُّف | خدائی غلبہ |
| 162 | خوداختیاری | خُودُ اِخُتِیَاری | خودمختاری |
| 162 | خودشناسی | خُودُشَنَاسِی | اپنے آپ کو پہچاننا |
| 162 | زائل | زَائِل | ضائع ہوجانا۔ہٹ جانا، دور ہوجانا |

مرسلہ: مکرمہ مبارکہ نصرت صاحبہ

# گھر کو جنت کا نمونہ بنانے کے طریق

اگر شوہر اور بیوی درج ذیل طریقے استعمال کریں تو گھر جنت کا نمونہ بن سکتا ہے۔

☆ ایک دوسرے کے آرام اور کپڑوں کا خیال رکھئے۔

☆ ایک دوسرے کے سامنے بہت زیادہ اونچی آواز سے بات نہ کریں۔

☆ کبھی کبھی تحفہ یا دوسرے کی پسند کا کھانا تیار کریں۔خود کو ایک دوسرے کے لئے آراستہ کریں۔

☆ ایک دوسرے کے بہن بھائیوں کے لئے بھی چھوٹے موٹے تحائف دیں۔

☆ ایک دوسرے کے گھر والوں کے لئے بہترین القاب ادا کریں۔

☆ ایک دوسرے کے گھر والوں میں کیڑے نہ نکالیں اور نہ ہی ان کے عیب ایک دوسرے کے سامنے بیان کریں۔

☆ ایک دوسرے کی ضرورتوں کا خیال بھی رکھیں۔

☆ بیوی شوہر کے گھر آنے پر خوشگوار انداز میں اس کا استقبال کرے۔

☆ متنازعہ امور کا بچوں کے سامنے ذکر نہ کریں۔

☆ اگر کوئی بیماری مثلاً ہارٹ پرابلم، کینسر جیسی بیماری میں مبتلا ہو تو اس کی دلجوئی کریں۔اس کا حوصلہ بڑھائیں۔حالات کا مقابلہ کریں اور ذہنی طور پر مشکل وقت کے لئے اپنے آپ کو تیار کریں۔

☆ شوہر کے کاروباری معاملات یا ملازمت کی مشکلات میں اس کی ہمت بڑھائیں۔

☆ ایک دوسرے کو نماز اور ذکر الٰہی کی طرف راغب کریں۔بچے خود بخود نمازی ہوجائیں گے۔

☆ سسرال اور گھر والوں کے درمیان توازن برقرار رکھیں۔

دعا کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔اپنے لئے اور اپنے گھر والوں کے لئے ہر مشکل وقت میں دعا میں لگے رہیں اور رو رو کر دعا مانگیں۔

☆ خلیفۃ المسیح کو ہر مشکل اور تنگی میں دعا کے لئے لکھیں۔ان کی دعائیں ہمارے لئے قبول کی جاتی ہیں۔

اگر ان تمام نکتوں کو ذہن نشین کرلیں تو کوئی وجہ نہیں کہ گھر جنت کی نظیر نہ بنے۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

مکرم حافظ سید شاہد احمد صاحب مربی سلسلہ نائیجیریا

# جماعت احمدیہ نائیجیریا کا 60 واں جلسہ سالانہ

خدا کے فضل سے جماعت احمدیہ نائیجیریا کو 60 واں جلسہ سالانہ مورخہ 2 تا 4/ اپریل 2010ء بمقام حدیقہ احمد ابوجہ۔ نائیجیریا منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

## پریس کانفرنس کا اہتمام

جلسہ سے قریباً دو ہفتہ قبل 17 مارچ 2010ء کو ایک پریس کانفرنس کا اہتمام کیا گیا جس میں نہ صرف اخباری نمائندوں کو جلسہ کی اغراض و مقاصد کے بارے میں آگاہ کیا گیا بلکہ ان کے سوالات کے جوابات بھی دیئے گئے۔ کانفرنس میں جلسہ کے بارے میں آگاہی اور اخباری نمائندوں کے سوالات کے جوابات دینے والوں میں مکرم ڈاکٹر مشہود۔اے۔ فشولا صاحب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا (صدر مجلس) نائب امراء اور نیشنل مجلس عاملہ کے اراکین شامل تھے۔

ان کے علاوہ جماعتی عہدیداران اور جماعت احمدیہ نائیجیریا کے دیگر احباب نے بھی اس کانفرنس میں شرکت کی۔ اس نشست میں 18 الیکٹرونک اور پیپر میڈیا ہاؤسز کے 25 نمائندوں نے شرکت کی۔ اور اس پروگرام کے متعلق خبریں بھی شائع اور نشر کی گئیں۔ جن اخبارات اور الیکٹرونک میڈیا کے نمائندگان نے اس پریس کانفرنس میں شرکت کی ان میں سے چند ایک کے اسماء درج ذیل ہیں۔

1. Voice of Nigeria(VON).
2. The Truth.
3. Radio Lagos Eko F.M.
4. This Day.
5. The Champion.
6. Dailly Independent.
7. Radio Nigeria.
8. National Outlook.
9. The Sun.
10. Mi.Tv.
11. Punch.
12. The Nation.

اس پریس کانفرنس کو اخبارات نے شائع بھی کیا۔

جلسہ کی کامیابی کے لئے ملکی سطح پر نماز تہجد باجماعت کا اہتمام کیا گیا۔

جلسہ کی کامیابی کے لئے ملکی سطح پر صدقہ کے طور پر جانوروں کی قربانی کا پروگرام بنایا گیا۔ اس سلسلہ میں جماعتی ہیڈ کوارٹر میں تین بکرے صدقہ کے طور پر جلسہ سے قریباً ایک ہفتہ قبل ذبح کئے گئے اور ان کا گوشت غرباء میں تقسیم کیا گیا۔ اور باقی جماعتوں نے بھی اس پروگرام میں بھرپور حصہ لیا۔ اسی طرح مؤرخہ 28 مارچ 2010ء دو بکروں کی قربانی جلسہ گاہ حدیقہ احمد ابوجہ میں بھی کی گئی۔

## جلسہ سالانہ کے انتظامات اور جلسہ گاہ کا معائنہ

مورخہ 28 مارچ 2010ء کو مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے جلسہ گاہ کا معائنہ فرمایا جہاں مکرم امیر صاحب نے کارکنان کو نصائح فرمائیں۔

مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے مورخہ 28 مارچ 2010ء کو جلسہ گاہ حدیقہ احمد ابوجہ کے پڑوسی گاؤں ''اوٹا گورگو (Auta Gurgu)'' کے لوگوں سے گزشتہ سال پانی کی فراہمی کے کئے گئے وعدہ کو پورا کرتے ہوئے جلسہ گاہ سے پائپ لائن کے ذریعہ نل لگا کر اس گاؤں کو پانی فراہم کرنے کے انتظام کا افتتاح فرمایا۔ اس امر کو مسلسل جاری رکھنے کے لئے یہاں جنریٹر کا مستقل انتظام کیا گیا ہے۔ تاکہ بورہول سے روزانہ اس گاؤں کے افراد کو پانی فراہم کیا جاتا رہے۔ اگرچہ اس گاؤں کی زیادہ تر آبادی عیسائیوں پر مشتمل ہے۔ لیکن اس افتتاح کے موقع پر اس گاؤں کے چیف نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے جماعتی خدمات کا برملا اظہار کیا اور کہا کہ ''ہم پہلے خائف تھے کہ ایک (۔) جماعت ہمارے پڑوس میں آگئی ہے۔ لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ہمیں یہ احساس ہو گیا ہے کہ ہمیں بہت اچھے پڑوسی ملے ہیں۔ جو انسانی ہمدردی اور خدمت کے جذبہ سے سرشار ہیں۔ اس پر ہم ان کے بہت ہی شکر گزار ہیں۔ نیز انہوں نے بتایا کہ جب میں مختلف دیہاتوں میں اپنے مسلمان دوستوں سے ملتا ہوں تو انہیں کہتا ہوں کہ اگر آپ نے دین سیکھنا ہے تو ہمارے پڑوس میں آکر جماعت احمدیہ سے دین سیکھیں'' مکرم امیر صاحب جماعت احمدیہ نائیجیریا نے افتتاحی دعا کروائی۔ اس پروگرام میں جماعت کے ممبران کے علاوہ گاؤں کے احباب کی بھی ایک کثیر تعداد نے شرکت کی۔

## جلسہ سالانہ کا پہلا دن

دن کا آغاز نماز تہجد سے ہوا۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد درس قرآن کریم ہوا اس کے بعد جلسہ کی تیاری اور ناشتہ کا انتظام تھا۔

## تربیت سیمینار

صبح 10:00 بجے دعوت الی اللہ و تربیت سیمینار کا آغاز ہوا۔ جس کی صدارت مکرم عبدالخالق نیر صاحب مشنری انچارج نائیجیریا نے کی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

بعد ازاں صدر مجلس نے ابتدائی کلمات کہے۔

اس پروگرام میں دو تقاریر ہوئیں۔ پہلی تقریر کے مقرر مکرم ڈاکٹر سعید تمیمی (Dr Saeed Timihin) صاحب نیشنل سیکرٹری دعوت الی اللہ تھے جن کی تقریر کا عنوان تھا۔

TRAINING MEMBERS THROUGH EXEMPLARY LIFESTYLE

اس کے بعد دوسری تقریر مکرم ڈاکٹر وائے۔اے حبیب (Dr Y. A. Habib) صاحب نائب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے کی جس کا عنوان تھا۔

DA'WAT-I-ILLALLAH THROUGH WISDOM AND TAQWAH (RIGHTEOUSNESS)

اس کے بعد حاضرین نے مقررین سے سوالات کئے۔ اور مقررین نے ان سوالات کے جوابات دیئے۔ اس پروگرام کے آخر پر صدر مجلس نے دعا کروائی اور یہ پروگرام اپنے اختتام کو پہنچا۔

بعد ازاں نماز جمعہ کی تیاری کی گئی اور نماز جمعہ اور نماز عصر مکرم الحاجی ڈاکٹر مشہود۔اے۔ فشولا صاحب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے جمع کر کے پڑھائیں۔ 2:30 بجے دوپہر کھانے کا انتظام تھا۔

## پہلے دن کا اجلاس

شام 04:00 بجے جلسہ سالانہ کے پہلے دن کے اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت مکرم ڈاکٹر مشہود۔اے۔ فشولا صاحب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے کی۔ جلسہ کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز تلاوت قرآن کریم نظم سے ہوا۔

اس کے بعد صدر مجلس نے ابتدائی کلمات میں کہا اور آخر پر دعا کروائی۔

اس اجلاس میں ایک تقریر تھی جو مکرم زیڈ۔ٹی۔ ایوبا (Z. T. Ayyuba) صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ جس کا عنوان

EVOLUTION OF RELIGIOUS TEACHINGS & PRACTICES

اس تقریر کا خلاصہ دو مقامی زبانوں ہاؤسا اور یوروبا میں بھی کیا گیا۔

ازاں بعد صدر مجلس نے اختتامی کلمات کہے دعا کروائی اور یہ اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

نماز مغرب وعشاء اور درس کے بعد کھانے کا وقفہ ہوا۔ بعد ازاں مجلس سوال و جواب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں مکرم مولوی زیڈ۔ٹی۔ ایوب صاحب مربی سلسلہ، مکرم ڈاکٹر سعید تمیمی صاحب نیشنل سیکرٹری مربی سلسلہ نائیجیریا، معلم مکرم الحاجی ایم۔ایم۔ الاکا (Alhaji M.M. Alaka) صاحب، مکرم ڈاکٹر مدثر احمد ملک صاحب اور معلم مکرم صالح عمر صاحب نے سوالات کے مدلل اور تسلی بخش جوابات دیئے۔ اور اس طرح آج کا دن اپنے اختتام کو پہنچا۔

## جلسہ سالانہ کا دوسرا دن

دن کا آغاز نماز تہجد، فجر اور درس سے ہوا۔

صبح 10:00 بجے لوائے احمدیت مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے جبکہ نائیجیریا کا جھنڈا مکرم وائے۔اے۔ حبیب صاحب نائب امیر نائیجیریا نے لہرایا۔ اس کے بعد معزز مہمانان کرام کو سٹیج پر آنے کی دعوت دی گئی۔ جس کے بعد جلسہ کی کارروائی کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس اجلاس کی صدارت مکرم ڈاکٹر مشہود۔اے۔ فشولا صاحب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے کی۔

اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا اور ازاں بعد صدر مجلس نے ابتدائی کلمات کہے۔

اس اجلاس میں دو تقاریر ہوئیں۔ پہلی تقریر مکرم ڈاکٹر سعید تمیمی صاحب سیکرٹری دعوت الی اللہ نائیجیریا نے کی۔ جس کا عنوان تھا

LEADERSHIP REQUIRMENTS AND CHALLENGES, ISLAMIC PERSPECTIVES

بعد ازاں صدر مجلس نے مکرم داؤد۔اے۔ راجی صاحب جنرل سیکرٹری جماعت احمدیہ نائیجیریا کو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کا پیغام حاضرین کو پڑھ کر سنانے کے لئے بلایا۔ جس کا مکمل ترجمہ دو مقامی زبانوں ہاؤسا اور یوروبا میں بھی کر کے سنایا گیا۔

پھر معزز مہمانان نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا۔ اس اجلاس میں شامل ہونے والے معزز مہمانان میں۔

**1۔ فیڈرل کیپیٹل ابوجہ کے پیراماؤنٹ چیف ڈاکٹر موسیٰ محمد امیر آف بواری**، نے کہا کہ ''میں خوش ہوں کہ میں آج تیسری مرتبہ آپ کی جماعت کے جلسہ میں شامل ہو رہا ہوں۔ اور جس طرح آپ لوگ سکول اور ہسپتالوں اور میڈیکل کیمپس کے ذریعہ دکھی انسانیت کی خدمت کر رہے ہیں ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں اور ہم آپ کی خدمات کی قدر کرتے ہیں۔ میں یہاں جتنی بار بھی آیا ہوں میں نے ایک عجیب ہی نظارہ دیکھا ہے کہ کس طرح سب آپس میں خندہ پیشانی سے ملتے ہیں۔ پس ہم آپ سب کے لئے دعا گو ہیں کہ خدا تعالیٰ آپ کو خیریت سے واپس اپنی اپنی منزل تک پہنچائے''۔

2۔ شمالی نائیجیریا کے ایک بڑے چیف شیخو آف بورنو۔ ماڈوگری (Shehu of Bornu-Maiduguri) کے نمائندہ شیٹیما بورنو ابو بکر ترابی (Shettima Borno Mr Abu Bakar Teribe) نے کہا کہ ''میں آپ سب کو شیخو آف بورنو کی طرف سے السلام علیکم کہتا ہوں۔ اسی

طرح شیحو آف بورنو کہتے ہیں کہ مجھے بہت افسوس ہے کہ میں خود یہاں بوجوہ شامل نہیں ہو رہا۔ جس پر میں معذرت خواہ ہوں۔ مجھے آپ کو یہ بات بتاتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ نائیجیریا میں اسلام نویں صدی عیسوی میں پہنچا اور یہ بورنو ایمپائر ہی تھی جس نے سب سے پہلے اس پیغام کو قبول کیا اور آگے پہنچایا۔ میں آپ کو آنحضرت ﷺ کے قول کے مطابق قرآن اور سنت رسول ﷺ پر عمل کرنے کی دعوت دیتا ہوں کہ آئیں ہم سب مل کر دین کی تعلیم کو ساری دنیا میں پھیلانے کی کوشش کرتے ہیں اور ساتھ ساتھ اپنی زندگیوں کا حصہ بناتے ہوئے اس پر عمل کرتے ہیں۔ آخر پر ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے اس جلسہ کا ہر لحاظ سے کامیاب فرمائے۔ اور نیکی اور امن و سلامتی کو ساری دنیا میں پھیلانے کا ذریعہ بنائے۔ آمین“

3۔ امیر آف بورگو کے نمائندہ گلاڈیما آف بورگو الحاجی عبداللہ سعدو (Gladima of Bourgu Mr Alhaji Abdullah Sa'adu) نے کہا کہ ”میں امیر آف بورگو کا پیغام آپ تک پہنچانے کے لئے حاضر ہوا ہوں۔ امیر آف بورگو کہتے ہیں کہ یہ میری خوش قسمتی ہے کہ میں 20 مارچ 2010 کو U.K میں ہونے والی جماعت احمدیہ کی ساتویں Peace Conference میں شامل تھا۔ جس طرح سے جماعت احمدیہ نہ صرف نائیجیریا میں بلکہ ساری دنیا میں دین اور امن وسلامتی کی تعلیم کا پرچار کر رہی ہے اس کی مثال ملنا مشکل ہے۔ ہم خوش ہیں کہ آپ لوگ یہاں پر جلسہ کر رہے ہیں اور آپ لوگ قرآن اور حدیث کا پیغام لوگوں تک پہنچا رہے ہیں۔ ہماری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں“۔

4۔ مکرم رانا فاروق احمد صاحب امیر جماعت ہائے احمدیہ ریپبلک آف بینن،

5۔ رائل ہائینس آف آنکپہ صاحبو الحسن (Royal Highness E.J.E of Ankpa Mr Sahibu Al-hasan)،

6۔ امیر آف وامبہ (Wamba) کے نمائندہ شیٹیما وامبہ الحاجی عبداللہ رملہ (Shettima Wamba Mr Alhaji Abdullah Ramalla)،

7۔ سرکی فاڈا وامبہ الحاجی علی۔ڈی۔عبدال (Seriki Fada Wamba Mr Alhaj Ali D. Abdal)،

8۔ ڈائریکٹر آف سٹیٹ سیکیورٹی نصراوا سٹیٹ کے نمائندہ مکرم الحاجی موسیٰ ہالیرو (Mr Alhaji Musa Haliru)

9۔ جماعت نیشنل اسلامیہ اکوانگا کے سیکرٹری جنرل مکرم صالحو۔آئی۔گالی (Mr Salihu I Galle) نے اظہار خیال کیا۔

ازاں بعد دوسری تقریر مکرم عبدالخالق نیر صاحب مربی انچارج نائیجیریا نے کی جس کا عنوان تھا

KHILAFAT: A DIVINELY-ESTABLISHED SYSTEM OF GOVERNANCE

ہر دو تقاریر کا مقامی زبانوں ہاؤسا اور یوروبا میں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

اس کے بعد صدر مجلس نے اپنے اختتامی کلمات کہے۔

بعدۂ کھانے کا وقفہ ہوا۔ اسی دوران معزز مہمانوں نے جماعت احمدیہ کی طرف سے لگائی گئی نمائش کا معائنہ کیا بعد ازاں مہمانوں کے اعزاز میں الگ مارکی میں کھانے کا انتظام کیا گیا تھا۔ جہاں پر مہمانان کرام تشریف لے گئے۔

دوپہر 2:45 پر نماز ظہر و عصر جمع کر کے ادا کی گئیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد نکاحوں کے اعلانات ہوئے۔

## دوسرے دن کا دوسرا اجلاس

شام 4:00 بجے دوسرے دن کے دوسرے اجلاس کی کارروائی کا آغاز ہوا۔ اس کی صدارت مکرم رانا فاروق احمد صاحب امیر جماعت احمدیہ ریپبلک آف بینن نے کی۔ اس اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم اور قصیدہ سے ہوا۔

بعد ازاں صدر مجلس نے ابتدائی کلمات کہے۔

اس اجلاس میں بھی دو تقاریر ہوئیں۔ پہلی تقریر مکرم بیرسٹر رضوان ۔اے۔محمد نیشنل سیکرٹری تعلیم صاحب نے کی جس کا عنوان تھا۔

DEVELOPMENT OF NATIONS DEPENDS ON THE DEVELOPMENT OF THE YOUTH

دوسری تقریر مکرم عبدالعظیم صاحب مربی سلسلہ نے کی جس کا عنوان تھا۔

”LESSON FROM THE LIFE OF HAZRAT MUSLEH-I-MAOUD ON LEADERSHIP

ہر دو تقاریر کا مقامی زبانوں ہاؤسا اور یوروبا میں ترجمہ بھی پیش کیا گیا۔

اختتامی دعا سے اجلاس اپنے اختتام کو پہنچا۔

نماز مغرب وعشاء اور درس کے بعد کھانے کا وقفہ ہوا۔ بعد ازاں مجلس سوال و جواب کا اہتمام کیا گیا تھا۔ جس میں حاضرین کے سوالات کے مدلل اور تسلی بخش جوابات دیئے گئے۔ اور اس طرح آج کا دن بھی اپنے اختتام کو پہنچا۔

## جلسہ سالانہ کا تیسرا دن

نماز تہجد، فجر اور درس کے ساتھ دن کا آغاز ہوا۔

صبح 08:00 بجے جلسہ سالانہ کے آخری دن کے اجلاس کی صدارت مکرم مشہود اے۔فشولا صاحب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے کی۔ اجلاس کی کارروائی کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ اس کے بعد قصیدہ ایگالا لینڈ (Igala Land) کے نومبائعین میں سے تین خدام نے پڑھا۔ بعدۂ مکرم مشہود ۔اے۔فشولا صاحب امیر جماعت احمدیہ نائیجیریا نے اختتامی کلمات کہے۔

10:30 بجے صبح مکرم امیر صاحب نائیجیریا نے دعا کروائی۔ جس کے ساتھ جماعت احمدیہ نائیجیریا کا 60 واں جلسہ سالانہ اپنے اختتام کو پہنچا۔

اس جلسہ کی حاضری 10 ہزار 225 رہی۔

اس جلسہ میں 4 ممالک ریپبلک آف بینن، اکٹوریل گنی، کیمرون اور چاڈ کے وفود نے شرکت کی۔ چاڈ کا وفد نائیجیریا کے جلسہ میں شمولیت کی غرض سے ”1200“ کلومیٹر سے زائد کا دشوار گزار سفر طے کر کے یہاں پہنچا تھا۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دے۔ آمین

جلسہ سالانہ کے موقع پر لجنہ جلسہ گاہ بھی تمام پروگرام براہ راست دکھانے کے لئے بڑی بڑی اسکرینز لگائی گئی تھیں۔ اس کے علاوہ ان کے اپنے پروگرام بھی ان کی مارکی میں جاری رہے۔

جلسہ سالانہ کے موقع پر بک سٹال بھی لگایا گیا تھا جہاں سے احباب کرام نے کتب خریدیں اور اس کو پسند کیا۔ نیز مارکیٹیں بھی لگائی گئی تھیں جہاں کھانے کی ضروری اشیاء موجود تھیں۔

جلسہ سالانہ کے موقع پر کھانے کے لئے لجنہ اور مردانہ کچن کا الگ الگ انتظام کیا گیا تھا۔ جس کی وجہ سے کھانے کی پکوائی اور تقسیم کا کام نہایت تسلی بخش رہا۔

اسی طرح جلسہ سالانہ کے دوران میڈیکل کلینک کا بھی انتظام تھا۔ جہاں مریضوں کے چیک اپ کے لئے سات (7) ڈاکٹرز کے علاوہ بیس (20) نرسز اور پانچ (5) فارماسسٹ موجود رہے۔ دوران جلسہ 833 مریضوں کا معائنہ کرنے کے بعد دوائی دی گئی۔

جلسہ سالانہ کے دوران جلسہ گاہ میں 19 اخبارات اور الیکٹرونک میڈیا ہاؤسز کے 21 نمائندوں نے مکرم امیر صاحب نائیجیریا سے انٹرویو لیا اسی طرح انہیں اخبارات اور میڈیا ہاؤسز نے جلسہ سالانہ کے دوران بھی اور بعد میں بھی جلسہ سالانہ کی کامیابی کے متعلق خبریں شائع اور نشر کیں۔ جیسے نائیجیرین ٹیلی ویژن اتھارٹی (N.T.A) نے اپنی شام کی نیشنل نیوز میں جماعت احمدیہ نائیجیریا کے کامیاب جلسہ سالانہ کی تقریبا دس منٹ پر مشتمل خبر نشر کی۔ اسی طرح فیڈرل ریڈیو کارپوریشن آف نائیجیریا (F.R.C.N.) اور وائس آف نائیجیریا (V.O.N) نے بھی جلسہ سالانہ کے کامیاب انعقاد کی خبریں نشر کیں۔

آخر پر مولا کریم سے دعا ہے کہ وہ آئندہ بھی ہمیں اپنے فضل اور رحم سے ان امور کو بہتر طریق پر انجام دینے کی توفیق عطاء فرماتا چلا جائے اور اپنی تائید و نصرت کے نشان آئندہ بھی ہمیں اسی طرح سے دکھاتا چلا جائے۔ آمین

☆......☆......☆

## غربت کی ماری دنیا

ایک طرف دنیا کے امیر اور طاقتور ممالک انسانوں کا خون پینے والی مشینیں بنانے پر اربوں، کھربوں روپے صرف کر ڈالتے ہیں تو دوسری طرف ایک ارب سے زائد لوگوں کو دو وقت کی روٹی بمشکل میسر آتی ہے۔ دنیا بھر میں بیشتر حکومتوں کا زور اسی امر پر ہے کہ ان کی فوجی طاقت میں کمی نہ آئے اور آمدن بھی بڑھتی رہے۔ وہ غریبوں کی حالت زار پر کم ہی توجہ دیتے ہیں۔

اب یہی دیکھئے کہ امریکہ اور یورپ کے باسی ہر سال صرف شراب پینے، سگریٹ سلگانے اور تفریحات پر 500 ارب ڈالر سے زیادہ رقم خرچ کرتے ہیں۔ دوسری طرف خود اقوام متحدہ کی رپورٹ ہے کہ اگر اسے ہر سال 200 ارب ڈالر مل جائیں تو دنیا سے غربت، بھوک، جہالت، پانی کی کمی اور بیماریوں کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔ ترقی یافتہ ممالک کی حکومتیں خوفناک ہتھیار بنانے میں اربوں ڈالر خرچ کر دیں گے، ان ملکوں کے باشندے وقتی تفریح پر اربوں ڈالر ادا کریں گے مگر انہیں تیسری دنیا کے ان کروڑوں غریبوں کا کم ہی خیال آتا ہے۔ جنہیں ایک وقت کی روٹی بھی مل جائے تو وہ صبر شکر کرتے ہیں۔ یہ ممالک پھر کس منہ سے خود کو انسانی حقوق کے علمبردار کہتے ہیں؟ حقیقت یہ ہے کہ:

☆ ڈیڑھ ارب سے زائد انسانوں کی روزانہ آمدن 100 روپے سے کم ہے اور وہ انتہائی غربت کی زندگی بسر کر رہے ہیں۔

☆ دنیا اسلحے کی تیاری پر جتنی رقم خرچ کرتی ہے، اس کے صرف 1 فیصد حصے سے وہ تمام بچے سکول جاسکتے ہیں۔ جنہیں غربت کے باعث تعلیم کی سہولت میسر نہیں۔

☆ ایک جنگی طیارے یا ایک ٹینک پر جتنی لاگت آتی ہے، اس سے کئی ہسپتال، سکول یا غریبوں کے لئے گھر تعمیر ہوسکتے ہیں۔

☆ دنیا میں بچوں کی تعداد تقریباً دو ارب بیس کروڑ ہے۔ ان میں سے 1 ارب بچے غربت کی آغوش میں پل رہے ہیں۔

☆ روزانہ 80 کروڑ انسانوں کو بھوکا سونا پڑتا ہے۔ ان میں 30 کروڑ بچے بھی شامل ہیں۔

☆ ہر 3.6 سیکنڈ بعد دنیا میں کوئی نہ کوئی انسان بھوک کے ہاتھوں دم توڑ دیتا ہے۔

ترقی یافتہ ممالک فخریہ اعلان کرتے ہیں کہ وہ ہر سال غریب ممالک کو کروڑوں ڈالر کی امداد دیتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ وہ انہیں اسلحہ یا دیگر سامان فروخت کر کے اپنا اُلو سیدھا کرتے ہیں۔ دراصل تیسری دنیا کے ہر ملک کو امداد میں جو 1 ڈالر ملتا ہے۔ اس کے بدلے اسے قرضہ اتارنے میں 23 ڈالر خرچ کرنے پڑتے ہیں۔ طاقتور اقوام کی جانب سے غریب قوموں کا یہ استحصال نجانے کب تک جاری رہے گا۔

(سنڈے ایکسپریس 26/اکتوبر 2008ء)

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## تقریب آمین

۞ مکرم شکیل اختر صاحب معلم وقف جدید 132 گ۔ب ضلع فیصل آباد تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی واقفہ نو بچی سجیلہ شکیل نے محض خداتعالیٰ کے فضل سے 5 سال 2 ماہ کی عمر میں قرآن کریم کا ناظرہ کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے قرآن کریم پڑھانے کی سعادت بچی کی والدہ کے حصہ میں آئی اسی طرح عزیزم تیمور احمد واقف نو ولد مکرم ساجد جاوید صاحب سیکرٹری وقف نو تخت ہزارہ نے بھی 5 سال 4 ماہ کی عمر میں قرآن کریم کا پہلا دور مکمل کر لیا ہے مورخہ 9 جولائی کو تخت ہزارہ ضلع سرگودھا میں دونوں بچوں کی تقریب آمین کا اہتمام کیا گیا مکرم سرفراز احمد صاحب معلم وقف جدید خلیل آباد اگھار کالونی ضلع کوٹلی A.K نے عزیزم تیمور احمد سے اور مکرم شمشاد احمد قیصر صاحب استاد جامعہ احمدیہ سینئر سیکشن نے سجیلہ سے قرآن کریم سنا اور دعا کروائی دونوں بچے مکرم چوہدری ناصر احمد صاحب تخت ہزارہ کے نواسہ اور نواسی ہیں سجیلہ مکرم چوہدری محمد رمضان صاحب تخت ہزارہ کی پوتی اور تیمور احمد مکرم چوہدری سراج احمد صاحب کا پوتا ہے احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ مولا کریم یہ اعزاز ان بچوں کے لئے بابرکت کرے اور ان کو نیک، صالح اور خادم دین بنائے اور ہمیشہ قرآن کریم پڑھنے سمجھنے اور عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے نیز قرآن کریم کا حقیقی اور صحیح فہم عطا فرمائے۔ آمین

## درخواست دعا

۞ محترم ڈاکٹر اظہر صاحب امیر ضلع سانگھڑ اطلاع دیتے ہیں۔

مکرم چوہدری ارشاد احمد صاحب ابن مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب مرحوم آف شہداد پور کی جگر کی ٹرانسپلانٹیشن انڈیا میں متوقع ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے آپریشن کامیاب فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے۔ آمین

۞ مکرم ھبۃ الرحیم عمر صاحب دارالصدر شرقی طاہر ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے چچا مکرم امجد علی صاحب ٹاؤن شپ لاہور کا مورخہ طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں اینجیو پلاسٹی کا آپریشن متوقع ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہر لحاظ سے اس آپریشن کو کامیاب بنائے۔ آمین

## ولادت

۞ مکرم فرید احمد ناصر صاحب مربی سلسلہ ایم ٹی اے ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کو اللہ تعالیٰ نے مورخہ 29 جولائی 2010ء کو بیٹا عطا فرمایا ہے۔ جس کا نام حضور انور نے رستگار احمد فرحان عطا فرما کر وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل فرمایا ہے جو مکرم چوہدری نور احمد عابد صاحب کا پوتا اور مکرم چوہدری عبدالرشید صاحب شیخوپورہ حال کینیڈا کا نواسہ ہے اور حضرت میاں محمد ابراہیم صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی نسل سے ہے۔ احباب سے بچے کے باعمر، خادم سلسلہ، خلافت احمدیہ کا مطیع اور ہر لحاظ سے قرۃ العین ہونے کیلئے درخواست دعا ہے۔

## نکاح و تقریب شادی

۞ مکرم سید مودود احمد صاحب شالا مار لاہور تحریر کرتے ہیں۔

میری بیٹی مکرمہ سیدۃ قمر الہدیٰ صاحبہ کے نکاح کا اعلان ہمراہ مکرم عباس احمد صاحب سکاٹ لینڈ ابن مکرم ڈاکٹر مسعود احمد صاحب مبلغ 10 ہزار پاؤنڈ سٹرلنگ پر محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے بیت النور ماڈل ٹاؤن لاہور میں مورخہ 2 جولائی 2010ء کو کیا۔ مورخہ 4 جولائی کو تقریب رخصتانہ منعقد ہوئی۔ دلہن محترم سید احمد علی شاہ صاحب سابق نائب ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ کی نواسی اور مکرم سید محمود احمد صاحب سابق درویش قادیان کی پوتی ہے جبکہ دلہا مکرم منور قیصر صاحب جنہوں نے دارالذکر لاہور میں 28 مئی 2010ء کو راہ مولیٰ میں اپنی جان قربان کر دی تھی کے بھتیجے ہیں احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ رشتہ ہر لحاظ سے جانبین کیلئے بابرکت اور مثمر بثمرات حسنہ بنائے۔ آمین

## پتہ درکار ہے

۞ محترمہ ناہید اختر صاحبہ بنت مکرم محمد صدیق صاحب ساکن چک 79 نواں کوٹ تحصیل صفدر آباد ضلع شیخوپورہ نے مورخہ 8/ اکتوبر 2004ء کو وصیت کی تھی۔ شروع وصیت سے ان کا دفتر سے کوئی رابطہ نہ ہے۔ براہ کرم یہ خود یا ان کے کوئی عزیز یہ اعلان پڑھیں تو فوری دفتر سے رابطہ کریں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

## دعائیہ فہرست تحریک جدید

۞ رمضان المبارک اور انفاق فی سبیل اللہ کا باہم گہرا تعلق ہے۔ اسی لئے حضرت مصلح موعود نے اس مبارک مہینہ میں تحریک جدید کے وعدے سے سبکدوش ہونے کو بہت پسند فرمایا اور 29 رمضان المبارک کی دعائیہ تقریب میں ان شاملین کیلئے خصوصی دعا کی روایت قائم فرمائی جو اس تاریخ سے قبل اپنے وعدے ادا فرما دیتے ہیں۔

امسال بھی ایسے خوش نصیب شاملین کیلئے 29 رمضان المبارک کی دعائیہ تقریب کے موقعہ پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں دعا کی درخواست کی جائے گی جو کہ تحریک جدید کے سال 76(2009-10) کے وعدہ جات کی سو فیصد ادائیگی 29 رمضان سے قبل کر دیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کا حامی و ناصر ہو اور حسنات دارین سے نوازے۔ آمین

(وکیل المال اول تحریک جدید)

## دورہ نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل

۞ مکرم منور احمد بجہ صاحب نمائندہ مینیجر روزنامہ الفضل آجکل توسیع اشاعت، وصولی واجبات اور اشتہارات کے حصول کیلئے ضلع گوجرانوالہ کے دورہ پر ہیں۔ احباب جماعت و اراکین عاملہ، مربیان کرام اور صدران جماعت سے خصوصی تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

بقیہ از صفحہ 2

### آخری عشرہ کا مجاہدہ:

حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ جب رمضان کا آخری عشرہ شروع ہوتا تو آنحضرت ﷺ اپنی کمر ہمت کس لیتے۔ اپنی راتوں کو زندہ کرتے اور اپنے اہل وعیال کو عبادت کے لئے خصوصیت سے جگاتے تھے۔

(صحیح بخاری کتاب صلوٰۃ التراویح باب العمل فی العشر الاواخر حدیث نمبر 1884)

ان بشارات کا نچوڑ یہ ہے کہ ماہ رمضان میں:

وہ روزہ جو کسی دکھاوے کے لئے نہیں محض خدا کی خاطر ہو۔

وہ عبادت جو محض رضائے الٰہی کی جستجو کے لئے ہو۔

وہ قیام جو اپنے حسن اور خوبصورتی کی چمکار دکھلا رہا ہو۔

وہ دعائیں جس میں سینہ گداز ہو اور پاک تمنائیں ہنڈیا کی طرح ابلتی ہوں۔

وہ محبت الٰہی جو چشموں کی طرح جوش مار رہی ہو۔

وہ انسانی ہمدردی جو بارش کی طرح برس رہی ہو۔

یہ وہ ایمان اور احتساب ہے جو انسان کو ہر گناہ سے پاک اور ہر معصیت سے بری قرار دیتا ہے۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے ہمیں ایسا ایمان اور احتساب عطا فرمائے۔ (آمین)

## نادار مریضوں کی امداد

۞ غریب اور مستحق دل کے مریضوں کی مالی معاونت کیلئے ''نادار مریضان'' کے نام سے ایک مد قائم ہے۔ احباب جماعت اس میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! کیا تمہیں ایک ایسی تجارت پر مطلع کروں جو تمہیں ایک دردناک عذاب سے نجات دے گی؟

تم (جو) اللہ پر اور اس کے رسول پر ایمان لاتے ہو اور اللہ کے راستے میں اپنے اموال اور اپنی جانوں کے ساتھ جہاد کرتے ہو، یہ تمہارے لئے بہت بہتر ہے اگر تم علم رکھتے ہو۔

وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں ایسی جنتوں میں داخل کر دے گا جن کے دامن میں نہریں بہتی ہیں اور ایسے پاکیزہ گھروں میں بھی جو ہمیشہ رہنے والی جنتوں میں ہیں۔ یہ بہت بڑی کامیابی ہے۔

(الصّف 11 تا 13)

(ایڈمنسٹریٹر طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ)

## زندگی بخش پیغام

۞ خلفاء سلسلہ کے زندگی بخش خطبات روحانی مردوں کے لئے زندگی بخش پیغام ہیں جو آپ الفضل کے ذریعے گھر بیٹھے ہی حاصل کر سکتے ہیں۔ آج ہی اپنے نام الفضل جاری کروائیں

(مینیجر روزنامہ الفضل)

## درخواست دعا

۞ مکرم ڈاکٹر چوہدری ناصر احمد جاوید صاحب ناظم مجلس انصاراللہ ضلع حافظ آباد تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے والد محترم چوہدری محمد عبداللہ صاحب دل کی تکلیف کی وجہ سے طاہر ہارٹ انسٹیٹیوٹ ربوہ میں زیر علاج ہیں۔ اینجیو گرافی ہوئی ہے۔ طبیعت کبھی سنبھل جاتی ہے اور کبھی خراب ہو جاتی ہے۔ دعا کی درخواست ہے کہ مولا کریم اپنے فضل سے صحت و سلامتی والی زندگی عطا فرمائے۔ آمین

۞ مکرمہ صالحہ اختر صاحبہ دارالرحمت شرقی بشیر ربوہ تحریر کرتی ہیں۔

خاکسار کی بیٹی مکرمہ ثریا حنا صاحبہ واقفہ زندگی ٹیچر مریم ہائی سکول دارالنصر ربوہ کے کولہے کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔ فضل عمر ہسپتال میں داخل ہیں اور آپریشن متوقع ہے۔ احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ صحت کاملہ وعاجلہ دے اور ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے۔ آمین

۞ مکرمہ فریدہ تنویر صاحبہ اہلیہ مکرم سید تنویر احمد شاہ صاحب مرحوم دارالعلوم غربی خلیل ربوہ کی چند دنوں سے بائیں ٹانگ میں درد ہے۔ احباب جماعت سے شفاء کاملہ وعاجلہ کے لئے درخواست دعا ہے۔

# خبریں

## سکھر اور گڈو بیراجوں پر بدستور انتہائی اونچے درجے کا سیلاب

محکمہ آب پاشی سندھ کے مطابق سکھر اور گڈو بیراجوں پر بدستور انتہائی اونچے درجے کا سیلاب ہے جبکہ کوٹری پر درمیانے درجے کا سیلاب ہے۔ گڈو بیراج پر پانی کا بہاؤ 10 لاکھ 56 ہزار 324 کیوسک ہے۔ سکھر بیراج پر بہاؤ 9 لاکھ 69 ہزار 905 کیوسک جبکہ کوٹری بیراج پر پانی کی آمد میں اضافہ ہوا ہے اور بہاؤ 2 لاکھ 27 ہزار 920 کیوسک ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق دریائے سندھ میں تونسہ کے مقام پر بہت اونچے درجے کا سیلاب ہے جبکہ کالا باغ پر درمیانے اور تربیلا پر نچلے درجے کا سیلاب ہے۔ اسی طرح دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر اونچے درجے کا، دریائے چناب میں پنجند کے مقام پر درمیانے درجے کا، دریائے جہلم میں رسول اور دریائے چناب میں مرالہ اور تریموں میں نچلے درجے کا سیلاب ہے۔

## سیلاب سے بلوچستان میں تباہی

سیلاب نے بلوچستان میں تباہی مچا دی۔ ضلع جعفر آباد مکمل ڈوب چکا ہے۔ ضلعی ہیڈ کوارٹر، ڈیرہ اللہ یار مکمل طور پر زیر آب آ چکا ہے اور سینکڑوں مکانات منہدم ہو گئے ہیں۔ علاقے سے ڈیڑھ لاکھ سے زائد افراد نقل مکانی کر چکے ہیں۔ تحصیل صحبت اور تحصیل جھٹ پٹ مکمل طور پر ڈوب گئی ہیں۔

## متاثرین سے یکجہتی، اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کی پاکستان آمد

اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بان کی مون متاثرین سیلاب سے اظہار یکجہتی کیلئے آج کل پاکستان کے دورے پر ہیں۔ انہوں نے حالیہ سیلاب کو بڑا سانحہ قرار دیتے ہوئے عالمی برادری سے مدد کی اپیل کی ہے۔ اپنی آمد کے بعد انہوں نے سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا فضائی معائنہ اور سیلاب زدگان کے کیمپ کا دورہ کیا۔ انہوں نے صدر اور وزیر اعظم پاکستان سے ملاقاتیں بھی کیں۔ بان کی مون نے کہا کہ حالیہ سیلاب جیسی تباہی آج تک نہیں دیکھی۔ تباہی رکتی نظر نہیں آ رہی۔ سیلابی لہروں کا مقابلہ امداد کی لہروں سے کرنا پڑے گا۔ متاثرین کی بحالی کیلئے ہر ممکن مدد کریں گے۔ مشکل کی اس گھڑی میں ساری دنیا پاکستان کے ساتھ ہے۔

## متاثرین سیلاب کی بحالی کیلئے وفاق اور صوبے 350 ارب روپے اکٹھا کریں گے

مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف نے حکومت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ سیلاب زدگان کی بحالی کیلئے مجوزہ کمیشن فوری طور پر قائم ہو جانا چاہئے، وفاق اور چاروں صوبے متاثرین کی بحالی کیلئے اپنے بجٹ میں 30 فیصد کٹوتی کر کے ابتدائی طور پر 350 ارب روپے اکٹھا کریں گے۔ کمیشن کی بنیادی ذمہ داری متاثرین کی بحالی ہوگی۔

# مستحق طلباء کی امداد

❁ علم کا فروغ اور اس کی روشنی دنیا میں پھیلانا دین حق کا بنیادی مشن ہے۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا۔

''اگر ہم اپنی غفلت کے نتیجہ میں اچھے دماغوں کو ضائع کر دیں تو اس سے بڑھ کر اور کوئی ظلم نہیں ہوگا۔ پس جو طلبہ ہونہار اور ذہین ہیں ان کو بچپن سے ہی اپنی نگرانی میں لے لینا چاہئے اور انہیں کامیاب انجام تک پہنچانا جماعت کا فرض ہے۔''

(خطبات ناصر جلد اول صفحہ 85)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا کہ

''اگر کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم حاصل نہیں کر رہا تو جماعت کو بتائیں، مجھے بتائیں، انشاء اللہ کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں رہے گا۔ لیکن بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنا ان پر ظلم ہے۔''

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ اول صفحہ 145)

اسی طرح آپ نے مزید فرمایا۔

''طلبہ کی امداد کا ایک فنڈ ہے۔ تعلیم بھی بہت مہنگی ہو چکی ہے۔ اگر طلبہ اور والدین بچوں کے پاس ہونے کے موقع پر اس مد میں بھی رقم دیں تو کئی مستحق طلبہ کی مدد ہو سکتی ہے۔ اگر ہر طالب علم سال میں دس پندرہ پاؤنڈ ہی دے تو غریب ملکوں میں ایک طالب علم کے سال بھر کی کاپیوں کتابوں کا خرچ پورا ہو سکتا ہے۔''

(الفضل انٹرنیشنل 26/اکتوبر 2007ء)

پس آیئے اس مبارک مشن کو پورا کرنے کیلئے خلفاء سلسلہ کے ارشادات پر والہانہ لبیک کہتے ہوئے ہم بھی اس کار خیر میں کچھ حصہ ڈالیں۔

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلبہ کیلئے صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔ اس کے ذریعہ یکم جولائی 2009ء سے جون 2010ء تک 6485 طلباء/ طالبات کو وظائف اور 338 طلباء/ طالبات کو کتب مہیا کی جا چکی ہیں۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء و طالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات
5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری و سیکنڈری 8 سے 10 ہزار روپے تک سالانہ

2۔ کالج لیول 24 سے 36 ہزار روپے تک سالانہ

3۔ بی ایس سی۔ ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ سے 3 لاکھ روپے تک

سینکڑوں طلبہ کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے۔ اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔ تمام احمدی احباب سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔ آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ ربوہ کی مد ''امداد طلبہ'' میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

فون نمبر: 6212473 47 92+

موبائل: 3327079462 92+

6707153 92333+

E:mail:ntaleem@gmail.com

www.nazarattaleem.org

(نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم)

**ربوہ میں سحر و افطار 17۔ اگست**

| | |
|---|---|
| انتہائے سحر | **4:06** |
| طلوع آفتاب | 5:32 |
| زوال آفتاب | 12:13 |
| وقت افطار | **6:53** |


For Genuine TOYOTA Parts
AL-FURQAN
MOTORS PVT LIMITED
Ph:
021-2724606
2724609
47- Tibet Centre
M.A. Jinnah Road,
KARACHI



TOYOTA, DAIHATSU
ٹویوٹا گاڑیوں کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات درج ذیل پتہ پر حاصل کریں
الفرقان موٹرز لمیٹڈ
فون نمبر
021-2724606
2724609
47۔ تبت سنٹر ایم اے جناح روڈ کراچی نمبر 3

اکسیر بلڈ پریشر
ایک ایسی دوا جس کے دو تین ماہ استعمال سے ہائی بلڈ پریشر اللہ کے فضل سے مکمل طور پر ختم ہو جاتا ہے اور دواؤں کے مستقل استعمال سے جان چھوٹ جاتی ہے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ (رجسٹرڈ) گولبازار ربوہ
Ph:047-6212434

زرعی سکنی جائیداد کی خرید و فروخت کا با اعتماد ادارہ
نیو فضل عمر پراپرٹی سنٹر
شبیر احمد وڑائچ
ساہیوال روڈ ربوہ
فون: 0331-7790301,0333-9791043

FD-10